# THE
# SENATE OF PAKISTAN
# DEBATES

## *OFFICIAL REPORT*

Friday, August 30, 2019
(293rd Session)
Volume VIII, No.02
(Nos. 01-04)

*Printed and Published by the Senate Secretariat, Islamabad*

| | |
|---|---|
| Volume VIII | SP.VIII(02)/2019 |
| No.02 | 15 |

# Contents

1. Recitation from the Holy Quran ........ 1
2. Leave of Absence ........ 2
3. Presentation of report of the Standing Committee on National Health Services, Regulations and Coordination on the Compulsory Blood Test of the Spouses and Proposed Spouses for Thalassemia Disease Bill, 2019 ........ 2
4. Presentation of report of the Standing Committee on Foreign Affairs regarding provision of relief to a person belonging to Balochistan imprisoned in UAE ........ 3
5. Presentation of report of the Standing Committee on Foreign Affairs regarding Pakistan's effective diplomacy at International Forum by Provision of dossiers and role of Pakistani Embassies at International Conferences; and Complaint against Pakistan Missions in Doha and Paris ........ 3
6. Presentation of report by Senator Mian Muhammad Ateeq Shaikh of the Standing Committee on Interior regarding construction of firing range in the precincts of American Embassy in Islamabad ........ 4
7. Presentation of report of the Standing Committee on Interior regarding provision of residential accommodation for Khateebs, Moazzans and CDA Mosques employees of Parliament House, Secretariat and other CDA Mosques ........ 4
8. Presentation of report of the Standing Committee on Interior regarding the Community Integration Bill, 2019 ........ 5
9. Presentation of report of the Standing Committee on Interior regarding [The Criminal Laws (Amendment) Bill, 2019] (Substitution of Section 489F of PPC and Amendment of Schedule-II of Cr.P.C) ........ 5
10. Presentation of report by Senator Mirza Muhammad Afridi on the Standing Committee on Interior regarding the names, places of domicile and place of posting of Commercial Counselors, Commercial Secretaries and Trade Ministers posted in Pakistan's Missions abroad 5
11. Presentation of Report of the Standing Committee on Commerce and Textile Industry regarding details of UN conventions/treaties ........ 6
12. Presentation of Report by Senator Pervaiz Rasheed of the Standing Committee on Parliamentary Affairs on the Pakistan Institute for Parliamentary Services (Amendment) Bill ........ 6
13. Presentation of Report by Senator Syed Shibli Faraz of the State Bank of Pakistan on the state of Pakistan's Economy ........ 7
14. Presentation of Report of the State Bank of Pakistan on the implementation of NFC Award (January-June, 2018) ........ 7
15. Further discussion on the current situation in the Indian Occupied Kashmir ........ 8
    - Senator Molana Abdul Ghafoor Haidri ........ 8
    - Senator Mushahid Hussain Sayed ........ 13
    - Senator Nighat Mirza ........ 18
    - Senator Mian Raza Rabbani ........ 22
    - Senator Muhammad Usman Khan Kakar ........ 28

- Senator Mohsin Aziz ....................................................................31
- Senator Abdul Rehman Malik ......................................................33

16. Motion for dispensation of Rules to pass a resolution .........................38
17. Resolution on Kashmir condemning illegal accession of occupied Kashmir by India.....................................................................................38

# SENATE OF PAKISTAN
# SENATE DEBATES

Friday, the August 30, 2019.

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall (Parliament House) Islamabad at ten in the morning with Mr. Chairman (Mr. Muhammad Sadiq Sanjrani) in the Chair.

----------------

## **Recitation from the Holy Quran**

أَعُوذُ بِاللَّهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔

وَمَا لَكُمْ لَا تُقَاتِلُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَالْمُسْتَضْعَفِيْنَ مِنَ الرِّجَالِ وَالنِّسَآءِ وَ
الْوِلْدَانِ الَّذِيْنَ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَآ اَخْرِجْنَا مِنْ هٰذِهِ الْقَرْيَةِ الظَّالِمِ اَهْلُهَا ۚ وَاجْعَلْ
لَّنَا مِنْ لَّدُنْكَ وَلِيًّا ۚ وَّاجْعَلْ لَّنَا مِنْ لَّدُنْكَ نَصِيْرًا ﴿٧٥﴾ اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا يُقَاتِلُوْنَ فِيْ
سَبِيْلِ اللّٰهِ ۚ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا يُقَاتِلُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ الطَّاغُوْتِ فَقَاتِلُوْٓا اَوْلِيَآءَ
الشَّيْطٰنِ ۚ اِنَّ كَيْدَ الشَّيْطٰنِ كَانَ ضَعِيْفًا ﴿٧٦﴾

ترجمہ: اور تم کو کیا ہوا ہے کہ اللہ کی راہ میں اور ان بے بس مردوں اور عورتوں اور بچوں کی خاطر نہیں لڑتے جو دعائیں کیا کرتے ہیں کہ اے ہمارے پروردگار ہم کو اس شہر سے جس کے رہنے والے ظالم ہیں نکال لیجیے اور اپنی طرف سے کسی کو ہمارا حامی بنائیے اور اپنی ہی طرف سے کسی کو ہمارا مددگار مقرر فرمائیے۔ جو مومن ہیں وہ تو اللہ کے لیے لڑتے ہیں اور جو کافر ہیں وہ بتوں کے لیے لڑتے ہیں سو تم شیطان کے مددگاروں سے لڑو (اور ڈرو مت) کیونکہ شیطان کا داؤ بودا یعنی کمزور ہوتا ہے۔

(سورۃ النساء آیات ۷۵ تا ۷۶)

جناب چیئرمین: جزاک اللہ۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ Leave applications.

## Leave of Absence

جناب چیئر مین: سینیٹر مصدق مسعود ملک صاحب بعض نجی مصروفیات کی بنا پر گزشتہ 289ویں اور 290ویں اجلاس کے دوران مورخہ ۳ مئی، ۱۴اور ۱۷ جون کو اجلاس میں شرکت نہیں کر سکے تھے، اس لیے انہوں نے ان تاریخوں کے لیے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا یہ ایوان ان کی رخصت منظور کرتا ہے؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب چیئر مین: سینیٹر محمد اکرم صاحب نے ملک سے باہر ہونے کی بنا پر حالیہ مکمل اجلاس کے لیے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا یہ ایوان ان کی رخصت منظور کرتا ہے؟

(رخصت منظور کی گئی)

Mr. Chairman: Order No.2. Senator Mian Muhammad Ateeq Shaikh, Chairman, Standing Committee on National Health Services, Regulations and Coordination may move Order No.2.

## Presentation of report of the Standing Committee on National Health Services, Regulations and Coordination on the Compulsory Blood Test of the Spouses and Proposed Spouses for Thalassemia Disease Bill, 2019

Senator Mian Muhammad Ateeq Shaikh: Thank you Mr. Chairman. I, Chairman, Standing Committee on National Health Services, Regulations and Coordination present report of the Standing Committee on the Compulsory Blood Test of the Spouses and Proposed Spouses for Thalassemia Disease Bill, 2019, introduced by Senator Mian Muhammad Ateeq Shaikh on 21st January, 2019.

Mr. Chairman: Report stands laid. Order No.3. Senator Mushahid Hussain Sayed, Chairman, Standing Committee on Foreign Affairs may move Order No.3.

**Presentation of report of the Standing Committee on Foreign Affairs regarding provision of relief to a person belonging to Balochistan imprisoned in UAE**

Senator Mushahid Hussain Sayed: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم I, Chairman, Standing Committee on Foreign Affairs present report of the Standing Committee on a point of public importance, raised by Senator Dr. Jehanzeb Jamaldini on 18th September, 2018, regarding provision of relief to a person belonging to Balochistan imprisoned in UAE.

Mr. Chairman: Report stands laid. Order No.4, Senator Mushahid Hussain Sayed, Chairman, Standing Committee on Foreign Affairs may move Order No.4.

**Presentation of report of the Standing Committee on Foreign Affairs regarding Pakistan's effective diplomacy at International Forum by Provision of dossiers and role of Pakistani Embassies at International Conferences; and Complaint against Pakistan Missions in Doha and Paris**

Senator Mushahid Hussain Sayed: I, Chairman, Standing Committee on Foreign Affairs present report of the Standing Committee on two points of public importance, raised by Senator Mushahid Ullah Khan on 4th March, 2019, regarding Pakistan's effective diplomacy at International Forum by provision of dossiers and role of Pakistani Embassies at International Conferences and complaint against Pakistan Missions in Doha and Paris.

Mr. Chairman: The report stands laid. Order No.5, Senator Abdul Rehman Malik, Chairman, Standing Committee on Interior may move Order No.5, on his behalf Senator Mian Muhammad Ateeq Shaikh.

**Presentation of report by Senator Mian Muhammad Ateeq Shaikh of the Standing Committee on Interior regarding construction of firing range in the precincts of American Embassy in Islamabad**

Senator Mian Muhammad Ateeq Shaikh: I, on behalf of Chairman, Standing Committee on Interior present report of the Standing Committee on a point of public importance raised by Senator Lt. General Abdul Qayyum on 26th April, 2019, regarding construction of firing range in the precincts of American Embassy in Islamabad.

Mr. Chairman: Report stands laid. Order No.6, Senator Abdul Rehman Malik, Chairman, Standing Committee on Interior may move Order No.6, on his behalf Senator Mian Muhammad Ateeq Shaikh.

**Presentation of report of the Standing Committee on Interior regarding provision of residential accommodation for Khateebs, Moazzans and CDA Mosques employees of Parliament House, Secretariat and other CDA Mosques**

Senator Mian Muhammad Ateeq Shaikh: I, on behalf of Chairman, Standing Committee on Interior present report of the Standing Committee on a point of public importance raised by Senator Atta Ur Rehman on 26th April, 2019, regarding provision of residential accommodation for Khateebs, Moazzans and CDA Mosques employees of Parliament House, Secretariat and other CDA related Mosques.

Mr. Chairman: Report stands laid. Order No.7, Senator Abdul Rehman Malik, Chairman, Standing Committee on Interior may move Order No.7, on his behalf Senator Mian Muhammad Ateeq Shaikh.

**Presentation of report of the Standing Committee on Interior regarding the Community Integration Bill, 2019**

Senator Mian Muhammad Ateeq Shaikh: I, on behalf of, Chairman, Standing Committee on Interior present report of the Standing Committee on the Community Integration Bill, 2019, introduced by Senator Rana Maqbool Ahmad on 29th April, 2019.

Mr. Chairman: The report stands laid. Order No.8, Senator Abdul Rehman Malik, Chairman, Standing Committee on Interior may move Order No.8, on his behalf Senator Mian Muhammad Ateeq Shaikh.

**Presentation of report of the Standing Committee on Interior regarding [The Criminal Laws (Amendment) Bill, 2019] (Substitution of Section 489F of PPC and Amendment of Schedule-II of Cr.P.C)**

Senator Mian Muhammad Ateeq Shaikh: I, on behalf of Chairman, Standing Committee on Interior, present report of the Standing Committee on the [The Criminal Laws (Amendment) Bill, 2019] (Substitution of section 489F of PPC and amendment of Schedule-II of Cr.P.C), introduced by Senator Mian Muhammad Ateeq Shaikh on 6th May, 2019.

Mr. Chairman: The report stands laid. Order No.9, Senator Mirza Muhammad Afridi, Chairman, Standing Committee on Commerce may move Order No.9.

**Presentation of report by Senator Mirza Muhammad Afridi on the Standing Committee on Interior regarding the names, places of domicile and place of posting of Commercial Counselors, Commercial**

**Secretaries and Trade Ministers posted in Pakistan's Missions abroad**

Senator Mirza Muhammad Afridi: I, Chairman, Standing Committee on Commerce and Textile Industry, present report of the Standing Committee on the subject matter of starred question No. 230, asked by Senator Muhammad Talha Mehmood on 8th May, 2019, regarding the names, places of domicile and place of posting of commercial counselors, commercial secretaries and trade Ministers posted in Pakistan's missions abroad.

Mr. Chairman: The Report stands laid. Order No.10, Senator Mirza Muhammad Afridi, Chairman, Standing Committee on Commerce and Textile Industry may move the Order.

**Presentation of Report of the Standing Committee on Commerce and Textile Industry regarding details of UN conventions/treaties**

Senator Mirza Muhammad Afridi: I, Chairman, Standing Committee on Commerce and Textile Industry, present report of the Standing Committee on the subject matter of starred question No.233, asked by Senator Mian Muhammad Ateeq Shaikh on 8th May, 2019, regarding details of the UN conventions/treaties, which are being implemented by the Treaty Implementation Cell of the Cabinet.

Mr. Chairman: Report stands laid. Order No.11, Senator Sassui Palijo, Chairperson, Standing Committee on Parliamentary Affairs may move it. Anyone on her behalf? Senator Pervaiz Rasheed.

**Presentation of Report by Senator Pervaiz Rasheed of the Standing Committee on Parliamentary Affairs**

**on the Pakistan Institute for Parliamentary Services (Amendment) Bill**

Senator Pervaiz Rasheed: On behalf of Chairperson, Standing Committee on Parliamentary Affairs, I present report of the Standing Committee on the Pakistan Institute for Parliamentary Services (Amendment) Bill, 2019, introduced by Senator Sassui Palijo on $29^{th}$ April, 2019.

Mr. Chairman: Thank you. Report stands laid. Order No.12, Dr. Abdul Hafeez Shaikh, Adviser to the Prime Minister on Finance and Revenue to lay a report. On his behalf Leader of the House may move Order No.12.

**Presentation of Report by Senator Syed Shibli Faraz of the State Bank of Pakistan on the state of Pakistan's Economy**

Senator Syed Shibli Faraz: I, on behalf of Dr. Abdul Hafeez Shaikh, Adviser to the Prime Minister on Finance and Revenue, lay before the Senate the Third Quarterly Report for the year 2018-2019 of the Board of Directors of the State Bank of Pakistan on the state of Pakistan's Economy, as required under section 9A(2) of the State Bank of Pakistan Act, 1956.

Mr. Chairman: Report stands laid. Order No.13, Dr. Abdul Hafeez Shaikh, Adviser to the Prime Minister on Finance and Revenue to lay a report. On his behalf Leader of the House may move Order No.13.

**Presentation of Report of the State Bank of Pakistan on the implementation of NFC Award (January-June, 2018)**

Senator Syed Shibli Faraz: I, on behalf of Dr. Abdul Hafeez Shaikh, Adviser to the Prime Minister on

Finance and Revenue, lay before the Senate the Report on 2nd Biannual Monitoring on the implementation of NFC Award (January-June, 2018), as required under clause (3B) of the Article 160 of the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan.

Mr. Chairman: Report stands laid.

میری گزارش ہے لیڈر آف دی ہاؤس اور لیڈر آف دی اپوزیشن سے کہ اگر resolution پیش کرنا ہے تو مہربانی کرکے اسے draft کر لیں۔ اس کے لیے دو تین بندے دے دیں تاکہ اجلاس کے end پر resolution pass کی جا سکے۔ سیکرٹریٹ آپ کو draft provide کر دے گا، آپ اسے ایک نظر دیکھ لیں۔

We may now take up Order No.14 regarding further discussion on the current situation in the Indian Occupied Kashmir. Molana Abdul Ghafoor Haideri sahib.

## Further discussion on the current situation in the Indian Occupied Kashmir

### Senator Molana Abdul Ghafoor Haidri

سینیٹر مولانا عبدالغفور حیدری: اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ (عربی) جناب چیئرمین! شکریہ۔ آپ نے مجھے بھی کشمیر پر بولنے کی اجازت دی۔ جب بھی کوئی ایسی بات آئی ہے جہاں ملک اور قوم کو یکجہتی کی ضرورت پڑی ہے تو پوری قوم نے، سیاسی جماعتوں نے، اپنے اختلافات بالائے طاق رکھ کر حکومت کا ساتھ دیا ہے۔ اگر ہم ماضی میں جاتے ہیں تو پشاور آرمی پبلک اسکول کا واقعہ پیش آیا۔ اس موقع پر بھی آپ نے دیکھا کہ پوری قوم، پاک فوج، حکومت سب ایک page پر آ گئے اور بڑے اہم فیصلے کیے، نیشنل ایکشن پلان اور دیگر فیصلے جو اس وقت ضروری تھے، باوجود اختلافات کے۔ اس موقع پر ملٹری عدالتوں کی بات بھی ہوئی، اس کا فیصلہ بھی ہوا، نہ چاہتے ہوئے بھی ہم جیسے لوگوں نے جو جمہوریت پر یقین رکھنے والے ہیں، جو عدلیہ کی آزادی پر یقین رکھنے والے ہیں، ہم جیسے لوگوں نے بھی اس فیصلے کو قبول کیا۔ اسی طرح 5 اگست سے جب سے یہ کشمیر کا مسئلہ سامنے آیا ہے تو کشمیر کے مسئلے پر بھی سیاسی جماعتیں، دینی جماعتیں، nationalists اور بہت سارے ایسے nationalists بھی جو اس ہاؤس میں موجود ہیں، جو میرے خیال میں کشمیر پر شاید مختلف رائے رکھتے ہوں لیکن چونکہ انتہائی اہمیت کا مسئلہ سامنے آیا تو

سب جماعتوں نے اپنے تحفظات، اپنے اختلافات جو حکومت سے ہیں، جمعیت علماء اسلام جیسی یا اپوزیشن جیسی جماعتیں جو اس وقت بہت سارے مسائل پر حالتِ جنگ میں ہیں لیکن اس کے باوجود جب مشترکہ اجلاس بلایا گیا تو اس میں ہم نہ صرف شریک رہے بلکہ جو بھی رائے بنی، ساتھ رہے۔

جناب چیئرمین! تمام اتفاقات کے باوجود اپوزیشن، اپوزیشن ہے جبکہ حکومت، حکومت ہے۔ اپوزیشن یہ نہ سمجھے کہ جو ہم کریں، حکومت ساتھ دے یا حکومت یہ نہ سمجھے کہ جو ہم کر رہے ہیں، اپوزیشن ہر قدم پر ساتھ دے لیکن بعض معاملات ایسے ہوتے ہیں جو ہماری بھی مجبوری بن جاتی ہے۔ مشترکہ اجلاس میں کیا ہوا، آپ بھی موجود تھے۔ کس طرح اس مسئلے کو سنجیدگی سے لیا گیا؟ کس کا رونا روئیں؟ وہاں سے جو پیغام چلا گیا، میرے خیال میں یکجہتی کا پیغام نہیں تھا، سنجیدگی کا پیغام نہیں تھا۔ میں سمجھتا ہوں کہ اپوزیشن نے اس مسئلے کو خراب نہیں کیا بلکہ خود حکومت نے کیا۔ ایسی ایسی تقریریں ہوئیں جیسی وہ الیکشن میں کرتے تھے یا جیسے وہ عام حالات میں کرتے ہیں۔ بہر حال ان تمام تر اتفاقات کے باوجود آج بھی ہم متفق ہیں۔ اگر حکومت نے اعلان کیا ہے کہ بارہ بجے نکل کر کشمیریوں سے یکجہتی کرنی ہے تو میرے خیال میں پوری قوم ساتھ ہے، اپوزیشن بھی ساتھ ہے، nationalists اور قوم پرست جماعتیں بھی ساتھ ہیں، کوئی بھی شاید انکاری نہیں ہے مگر ہمیں ماضی میں بھی جانا ہوگا۔ ہم نے جو فیصلے کیے ہیں، ادھر بھی ہمیں جانا ہوگا۔ ہمارا جو رویہ ہے، اس کا بھی جائزہ لینا ہوگا۔ کشمیر کے حوالے سے ہمارا جو کردار ہے، اگر آپ اس کا جائزہ نہیں لیں گے تو پھر بلاوجہ ہم یہاں بیٹھے ہیں اور ایک تائید اور تائید، حکومت ٹھیک کر رہی ہے، حکومت ٹھیک کر رہی ہے۔

جناب چیئرمین! میں آپ سے پوچھنا چاہتا ہوں، آپ کی بھی ذمہ داری بنتی ہے، میری بھی ذمہ داری بنتی ہے، مودی نے کشمیر کے issue پر الیکشن لڑا۔ اس میں بھی کوئی شک نہیں ہے کہ یہاں پر بعض پارٹیاں کشمیر پر ہی الیکشن لڑتی ہیں، کشمیر کو ہی focus کرتی ہیں اور کہتے ہیں کہ کشمیر ہماری شہ رگ ہے۔ آج شہ رگ کٹ گئی ہے، دھڑ تڑپ رہا ہے، اس کی وجوہات کیا ہیں؟ کہاں سے کمزوری آئی، کہاں سے سستی آئی؟ اس کا جوابدہ کون ہے؟ مودی نے اپنے آئین میں یہ بات رکھی کہ ہماری حکومت آئی تو ہم کشمیر کے اس status کو ختم کریں گے، آئین میں ترمیم کریں گے، یہ مودی کا منشور تھا۔ جناب والا! وزیر اعظم صاحب نے کہا کہ مودی آئے گا تو کشمیر کا مسئلہ حل ہوگا۔

وزیر اعظم صاحب نے ایک موقع پر بیان دیا کہ کشمیر کا بہترین حل تین حصوں میں تقسیم ہے، یہ اخباری بیان ہے، انہوں نے تقسیم کے حوالے سے بھی اپنی تجویز دی ہے کہ کس طرح کی تقسیم ہو۔ جناب والا! ہم مگر مچھ کے آنسو بہارہے ہیں کہ شاید انڈیا نے بلاوجہ قبضہ کیا ہے، ہمیں اعتماد میں لیے بغیر ہی قبضہ کیا ہے، ہمارا اس میں کوئی کردار نہیں ہے، میں سمجھتا ہوں کہ جتنا مجرم مودی ہے، اتنا ہمارا selected Prime Minister ہے، یہ حقائق ہیں۔ جب وہ کہتے ہیں کہ مودی آئے گا تو مسئلہ کشمیر حل ہو گا تو کشمیر کا مسئلہ یہی تھا جو ہمارے اور آپ کے سامنے ہے، کشمیر تین حصوں میں تقسیم ہو گا، اس میں ہماری رائے نہیں تھی، مودی نے جو کچھ کرنا تھا وہ کر دیا۔

جناب والا! جب وزیر اعظم صاحب امریکہ کے دورے پر تشریف لے گئے تو ہمارے حکومتی ارکان کہتے ہیں کہ وزیر اعظم کا دورہ ہے، ایسی باتیں کیسے چھپ سکتی ہیں؟ یقین جانیں مجھے حیرت ہوتی ہے کہ ایسی باتوں کو چھپایا جاتا ہے، قوم سے share نہیں کیا جاتا۔ انہیں بلایا گیا کہ یہ فیصلہ ہو گیا ہے، تم نے شور مچانا ہے، باقی کچھ نہیں کرنا، نہ جنگ کرنی ہے، یہ فیصلہ ہو چکا ہے اور جاؤ اپنی قوم کو بتادو لیکن کسی میں اخلاقی جرأت ہے؟ کہتے ہیں کہ دورہ بہت کامیاب ہو گیا۔ میرے بھائی شبلی فراز صاحب بھی بغلیں بجا رہے تھے کہ اتنا کامیاب دورہ ہے۔ آپ مجھے بتائیں کون سا کامیاب دورہ، کشمیر کا سودہ ہو گیا، یہ بڑا کامیاب دورہ ہو گیا۔ آپ نے کچھ نہیں کہا، یہ بڑا دورہ ہو گیا۔ افغانستان میں ہم جو کچھ کرنے جارہے ہیں جو امریکہ کی حکمتِ عملی ہے، اس پر آپ نے چلنا ہے، یہ دورہ کامیاب ہو گیا یا پھر ٹرمپ کی بیوی سے وزیر اعظم نے ہاتھ ملایا اور اس کے ساتھ تصویر بنوائی؟ یہ حقائق ہیں اگر ہم حقائق کو سامنے نہیں رکھیں گے، policies مرتب نہیں کریں گے، میں نہیں سمجھتا کہ ہم اپنے ملک کے مسائل حل کر سکتے ہیں۔ کشمیریوں نے مسلسل ستر سال جدوجہد کی ہے، بچے شہید ہوئے، جوان شہید ہوئے، خواتین کی عصمت دری ہوئی اور ہنوز جاری ہے۔ پچیس دنوں سے کشمیر کا lockdown ہے، پچیس دنوں سے وہاں کرفیو ہے، وہاں کے کیا حالات ہیں، بچے بلک رہے ہیں انہیں دودھ نہیں مل رہا، خواتین کی عصمت دری ہو رہی ہے، ہندوان کا قتل عام کر رہے ہیں، کیا صورت حال ہے؟ ہم آج تیس منٹ کی یکجہتی کا اظہار کر کے اپنے گھروں کو لوٹ جائیں گے۔

جناب والا! آپ نے کسی موڑ پر تو کوئی فیصلہ کرنا ہے، جب آپ کہتے ہیں کہ سخت فیصلے کرنے کا وقت آگیا ہے تو میرے خیال میں فیصلہ کرنے کا اس سے بڑا وقت نہیں ہے۔ آپ قوم اور اپنی Army کو اعتماد میں لیں اور ایک فیصلہ کریں۔ آپ کہتے ہیں کہ ہم نے تین جنگیں لڑی ہیں،

آپ نے کیا حاصل کیا ہے؟ 65 کی جنگ میں بھی قوم کے جوان فوج کے ساتھ مل کر انڈیا کے ٹینکوں کے سامنے لیٹ گئے، لاہور کے مسلمان نکل آئے، پوری قوم نکل آئی، آج بھی پوری قوم تیار ہے، آپ فیصلہ تو کریں، آپ ذرا آگے تو بڑھیں، قدم بڑھاؤ ہم تمہارے ساتھ ہیں لیکن قدم نہیں بڑھتے۔ وزیر اعظم جیسی شخصیت کہتی ہے کہ کیا میں جنگ کروں، کیا میں ہلہ بول دوں، کیا میں فوجیں اتار دوں؟ جناب والا! ہمارے سوالات کے جوابات یہ ہیں۔ مجھے ایسی باتیں کرتے ہوئے شرم آتی ہے کہ مسلمان بچی کے ساتھ بد فعلی کرکے، اسے شہید کرکے، اس کی لاش کو وادی میں بہا دیتے ہیں اور اس کے سینے پر لکھتے ہیں کہ پاکستانیوں یہ تمہاری بہن ہے، یہ تمہاری ماں ہے، یہ تمہاری بیٹی ہے، اگر تم میں غیرت ہے تو تم میدان میں آؤ، کشمیر میں یہ ہو رہا ہے۔ لوگوں نے یہ دیکھا ہے اور report کی ہے۔ شہ رگ کٹ گئی ہم پھر بھی زندہ ہیں، ایسی بے حمیت قوم شاید پھر دنیا میں نہ ہو کہ شہ رگ کے بغیر بھی زندہ ہے۔ تم نے جہاد پر تو پابندی لگا دی۔

جناب والا! میں آپ کے دو، چار منٹ لوں گا کیونکہ بہت سارے لوگ ہیں جنہیں جہاد کے بارے میں غلط فہمی ہے۔ میں ایک function میں شرکت کے لیے جرمنی گیا، وہاں ان کے parliamentarians, دانشور، ہمارے سفارتکار اور بہت سارے لوگ اکٹھے بیٹھے ہوئے تھے۔ وہاں طالبان، مساجد، مدارس اور جہاد پر بحث چلی، میں نے کہا کہ میں باقی مسائل کو بعد میں چھیڑتا ہوں، میں جہاد کی بات کرتا ہوں۔ میں نے کہا کہ میں آپ کو اقوامِ متحدہ کا آئین دکھاتا ہوں، اقوامِ متحدہ کے دستور میں یہ بات موجود ہے کہ اگر کوئی فرد، کوئی قوم، کسی فرد پر، کسی قوم پر بلا جواز حملہ کر دے تو اس فرد کو، اس قوم کو دفاع کا حق پہنچتا ہے۔ میں نے کہا کہ آپ نے عراق پر الزام لگایا کہ وہ جوہری اسلحہ بنا رہا ہے، اقوامِ متحدہ کی teams گئیں، عراق میں چھان بین کی، جواب دیا کہ عراق میں ایسے کوئی آثار نہیں ملے جہاں جوہری اسلحہ بن رہا ہو یا اس کا کوئی مواد ہو، اس کے باوجود امریکہ نے طاقت کے بل بوتے پر عراق پر حملہ کیا اور اس حکومت کو تخت تاراج کیا، مسلمانوں کو برباد کیا۔ اب اگر مسلمان امریکی افواج کے خلاف لڑ رہے ہیں جبکہ ان کے خلاف کوئی ثبوت نہیں، ان کا کوئی جرم نہیں ہے تو اگر وہ اس کے خلاف مدافعت کریں گے تو یہ مدافعتی حق اقوامِ متحدہ نے انہیں دیا ہے۔ ہم مسلمان، ہماری شریعت اس مدافعتی جنگ کو جہاد کہتی ہے۔ کشمیر میں بھی مدافعتی جنگ ہے، فلسطین میں بھی مدافعتی جنگ ہے، افغانستان میں NATO کی افواج ہیں، وہاں بھی افغانستان کے لوگ مدافعتی جنگ لڑ رہے ہیں اور اسی طرح آپ جہاں کہیں بھی دیکھیں مدافعتی جنگ ہے، عراق میں بھی مدافعتی جنگ ہے۔ ہم اس مدافعتی جنگ کو جہاد کہتے ہیں، ہم اسے

دفاعی جنگ کہتے ہیں، دفاعی جہاد کہتے ہیں۔ اقدامی جہاد وہ ہوتا ہے کہ آپ اپنی ریاست میں محفوظ ہوں اور آپ کسی غیر مسلم کو دعوت دیں، وہ دعوت قبول کرے، جزیہ دے یا اس سے جہاد، یہ اقدامی جہاد ہے، آج دنیا میں کہیں بھی مسلمان اقدامی جہاد کی position میں نہیں ہیں۔ کشمیر میں ہمارا جہاد دفاعی جہاد ہے اور جب تک آپ وہ دفاعی جہاد نہیں کریں گے، آپ کی سرحدیں محفوظ نہیں ہوں گی، آپ کا امن محفوظ نہیں ہوگا اور اسی لیے میں سمجھتا ہوں کہ اگر یہ جذبہ آپ مسلمانوں سے نکالیں گے تو پھر ہم میں اور ہندوؤں میں کیا فرق ہے؟ جناب چیئرمین! میں یہ سمجھتا ہوں کہ یہ جو کچھ بھی ہوا ہے سب حکومت کی مرضی سے ہوا ہے، ہماری ریاست کی مرضی سے ہوا ہے، وزیراعظم کی مرضی سے ہوا ہے اور اب یہ مگرمچھ کے آنسو بہا کر دنیا کو دکھا رہے ہیں کہ ہماری مرضی اور آشیرباد اس میں شامل نہیں ہے۔ میں جہاں مودی کو مجرم سمجھتا ہوں، مودی قاتل ہے، مودی نے گجرات میں مسلمانوں کا قتل عام کیا، وہ ہندوستان میں مسلمانوں کا قتل عام کر رہا ہے، وہ تو مسلمانوں کا دشمن ہے لیکن ہم کونسا مسلمانوں کو بچانے کی کوشش کر رہے ہیں۔

جناب چیئرمین! میرے خیال میں صرف تیس منٹ کے احتجاج سے یہ مسئلہ حل نہیں ہوگا۔ نوابزادہ نصر اللہ نے بڑا خوب کہا ہے، فرماتے ہیں کہ

کب اشک بہانے سے کٹی ہے شب ہجراں
کب کوئی بلا صرف دعاؤں سے ٹلی ہے
دو حق وصداقت کی شہادت سرِ مقتل
اٹھو کہ یہی وقت کا فرمان جلیں ہے
ہم راہ رو دشت روزِ ازل سے
اور قافلہ سالار حسین ابن علی ہے

جب تک آپ دشت کربلا کی فضا نہیں بنائیں گے، جب تک آپ شہ رگ کے دفاع کے لیے نہیں نکلیں گے، جب تک آپ کوئی بڑا فیصلہ نہیں کریں گے، کشمیری لٹتے رہیں گے اور آج کشمیر صابرہ اور شتیرہ کے کیمپوں کا منظر پیش کر رہا ہے لیکن کیا مسلم دنیا میں کوئی غیرت ہے؟ ابوظہبی پر تنقید کی جاتی ہے کہ یہاں یہ ہو رہا تھا اور آپ نے کیا کیا۔ جناب چیئرمین! آپ نے اپنا دورہ منسوخ کر کے یقیناً حب الوطنی، حمیت اور غیرت کا مظاہرہ کیا مگر میں حکومت اور آپ سے مؤدبانہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ بھکاری کی بھی کوئی عزت ہے، بھیک مانگنے والوں کی بھی کوئی عزت ہے، ان کو بھی کسی عزت کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے؟ آپ دیوالیہ ہو کر پیسے سعودیہ اور چین سے مانگتے

ہیں، دنیا بھر میں آپ نے کشکول پھرایا لیکن کچھ نہیں ہوا اور ابھی بھی آپ اس اذیت سے نہیں نکلے۔ آپ کہتے ہیں کہ امارات نے ایسا کیوں کیا، بحرین نے ایسا کیوں کیا؟ مودی کٹر مذہبی ہندو ہے وہ چاہتا ہے کہ پوری دنیا میں مندر قائم ہوں۔ آپ بتائیں کہ کیا آپ نے بھی کہیں جا کر مسجد بنائی، آپ نے بھی کسی دینی ادارے کی سرپرستی کی؟

جناب! اگر ہندو ایسا کر رہا ہے تو آپ اسے حق دیتے ہیں، اس کا حق ہے، اس کا اختیار اور طاقت ہے اور اگر آپ کچھ کرنا چاہتے ہیں تو اس طاقت کے مقابلے میں سیسہ پلائی ہوئی دیوار بن کر آئیں، مقابلے کے لیے آئیں لیکن مقابلے کی جرأت، میرے خیال میں ہمارے یہ بازو آزمائے ہوئے ہیں اور جب انہوں نے سودا کر لیا ہے تو یہ کیسے مقابلے میں آئیں گے، انہوں نے سودا کیا ہوا ہے یہ آپ بھی مان لیں اور میرے یہ بھائی بھی مان لیں اور میری تقریر کو رد نہ کریں بلکہ اس کی تائید میں اٹھیں۔ آج اگر وزیراعظم صاحب اس احتجاج میں آ رہے ہیں تو وہاں اعلان کریں اور ultimatum دے دیں کہ اگر ہندوستان نے 15 دن یا ایک مہینے کے اندر کشمیر سے فوج نہ نکالی تو ہم بھی اپنی فوج کشمیر میں اتار دیں گے پھر دیکھا جائے گا کہ شہ رگ کو بچاتے ہیں یا پھر شہ رگ سمیت خود بھی رخصت ہو جاتے ہیں۔ فیصلے ہونے ہیں، آپ کے پاس اسلحہ ہے، آپ نے ایٹم بم بنایا ہے وہ کس مشکل کے لیے ہے؟ کیا وہ کوئی دم تعویز ہے کہ مشکل کے وقت کام آئے گا، آپ نے اس کا کیا کرنا ہے؟ میں سمجھتا ہوں کہ آپ کی بقا اسی میں ہے کہ آپ جذبہ جہاد سے سرشار رہیں اور ہماری فوج کا بنیادی نعرہ بھی جہاد ہے، اس جہاد کو آپ نے زندہ کرنا ہے تب ہی آپ کا ملک محفوظ رہے گا ورنہ آج کشمیر کے واقعے پر مودی نے بیان دیا کہ اللہ کا شکر ہے اور وہ کہتا ہے کہ میں فخر سے کہتا ہوں کہ میں نے اپنے منشور پر عمل درآمد کیا ہے اور مقبوضہ کشمیر کو ہندوستان کا حصہ بنایا ہے اور ان کے وزرا کہہ رہے ہیں کہ مظفر آباد کی خیر مناؤ اور پاکستان کی خیر مناؤ تو اگر ہم یہ دیکھتے رہیں گے کہ پھر مار کے دیکھ، پھر مار کے دیکھ تو پھر ہمارا انجام برا ہوگا۔ بہتر یہ ہے کہ ٹیپو سلطان کی مثال دینے والے، محمد بن قاسم بن کر کشمیر پہنچیں اور وہاں پر کشمیری ماؤں، بہنوں اور بیٹیوں کو بچائیں اور غیرت، ہمت اور جرأت سے کام لیں، صرف نعرہ بازی، تقریر اور ایک دن کے احتجاج سے کچھ بننے والا نہیں ہے۔ بہت بہت شکریہ۔

جناب چیئرمین: سینیٹر مشاہد حسین سید۔

**Senator Mushahid Hussain Sayed**

Senator Mushahid Hussain Sayed: Thank you Sir! *Bismillah-ir-Rahman-ir-Rahim.* I think this Session

is a very important Session at a very important time and a history and Mr. Chairman!

1971 کے بعد مودی نے جو حماقت کی ہے اور مقبوضہ کشمیر پر قبضہ کیا ہے، annexation کی ہے this is probably the single most important development for our region since 71 کیونکہ انہوں نے جغرافیہ تبدیل کرنے کی کوشش کی ہے وہ علاقہ جو کہ disputed ہے۔ لیکن آپ دیکھتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کا اپنا ایک نظام ہے اور اس کے unintended consequences آپ کے سامنے ہیں۔ مودی کے blunder نے ساری کشمیری قوم کو unify کر دیا ہے from Mehbooba Mufti, Ali Gillani to Dr. Farooq Abdullah Sahib پھر آپ دیکھیں کہ ہندوستان خود internally divide ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ we should take exception to the word, it's not an issue of the Hindu or Muslim, we are talking of Hindutva ایک سوچ ہے جو مذہبی انتہا پسندی کی بنیاد پر ہے، آپ میرے خیال میں ایک کمیونٹی اور ایک مذہب کو علیحدہ رکھیں جو اس سوچ کے خلاف ہیں اور اس مودی اور ہندوتوا کی مذہبی انتہا پسندی کی سوچ کے خلاف ہندوستان کے اندر Congress Party, Delhi Parties, Communist Party, Mamta Banerjee اور کئی لاکھوں لوگ کھڑے ہیں۔

Mr. Chairman! I was reading article of Arindita Ray in New York Times which was of dated 15 August on Independence Day

ارنڈیتا رائے بڑی دلیر خاتون ہے اس نے کیا لکھا ہے؟ اس نے کہا ہے کہ یہ کام جو انہوں نے کیا ہے "ایک بو آرہی ہے she said in English, it's "there is a whiff of colonialism in the air جو نوآبادیاتی نظام تھا، اس نے کہا ہے جو کہ New York Times میں چھپا ہے کہ RSS is the State today in India جو ان کے مذہبی انتہا پسند ہیں وہ ان کے حکمران ہیں اور حکومت کر رہے ہیں اور پھر انہوں نے یہ بھی کہا ہے کہ an architecture of Indian fascism is being put in place یہ الفاظ ہمارے نہیں ہیں یہ ہندوستان کی ایک بڑی عظیم، دانشور اور دلیر خاتون کے ہیں جس کو ہم سلام پیش کرتے ہیں اور اسی طرح Mamta Banerjee نے کہا اور لوگوں نے کہا

Canon Goopy Nanand نے کہا۔ politician Rahul Gandhi from Indian Administrative Service Officer from Kerala who resigns in protest آپ یہ دیکھیں کہ اس کا impact کیا ہو رہا ہے اور کشمیر internationalize ہو گیا ہے اور for us also as Pakistani Sir! There is vindication, Quaid-i-Azam Muhammad Ali Jinnah, the great leader جن کی اتنی foresight تھی 1940 میں انہوں نے اس سوچ کو سمجھا تھا، بے نقاب کیا تھا اور کامیابی سے مقابلہ کیا تھا اور شکر ہے کہ ہمارے پاس آزاد ملک پاکستان ہے جس کے ہم آزاد باشندے اس وقت پھر رہے ہیں ورنہ جو حال اس وقت ہو رہا ہے وہ آپ دیکھ رہے ہیں۔ اس حوالے سے میں سمجھتا ہوں کہ there are certain lessons اور اب ہمیں اس issue کے لیے ایک special strategy کی ضرورت ہے۔ Mr. Chairman! luckily under your guidance آپ کو یاد ہوگا کہ پلوامہ سے پہلے مودی کے واقعے سے پہلے Senate of Pakistan نے initiative لیا تھا۔ ہماری Senate Foreign Affairs Committee کی meeting شاہ محمود قریشی صاحب کے ساتھ ہوئی جس میں ہمارے سارے ممبران موجود تھے، جاوید عباسی صاحب، شیری رحمٰن صاحبہ، رحمٰن ملک صاحب، کاکڑ صاحب اور اور ساتھی بھی ہیں۔

I told Shah Mahmood Qureshi that on national security and foreign policy, we are not opposition and government, we are one nation. So, issues like Kashmir, CPEC and Nuclear Programme, we will speak with one voice.

پھر آپ نے initiative لیا and we went سینیٹ کی Foreign Affairs Committee on 5th February کے ساتھ ہم نے Foreign Minister International Conference کروائی۔ اس میں the honourable Leader of the House, Senator Syed Shibli Faraz Sahib was also there. اتنا کھل کر بات ہوئی all across the board. برطانوی پارلیمنٹ میں ہم نے ایک آواز سے بات کی۔ تو یہ ایک spirit ہے جو ہم نے اس سینیٹ نے، پارلیمنٹ نے شروع کی تھی۔ اب اس حوالے سے میں سمجھتا ہوں کہ جو Apex کشمیر کمیٹی

بنی ہے حزب اختلاف کی طرف سے میں، سراج الحق اور نوید قمر نمائندگی کر رہے ہیں۔ اس میں بھی ہماری پہلی میٹنگ 17 August کو ہوئی ہے۔ اس میں Foreign Minister, Law Minister, Attorney General, D.G (ISI), D.G (ISPR) and D.G (MO) بھی تھے۔ اس میٹنگ میں بھی میں نے باقاعدہ Four Page کا ایک strategy document دیا تھا۔ کرنا کیا ہے اور کیسے کرنا ہے؟ We have to have broader sustained three pronged strategies. میں سمجھتا ہوں کہ یہ جنگ 70% battle of ideas کی ہے۔ میڈیا کے حوالے سے، think tank کے حوالے سے، Parliamentary diplomacy کے حوالے سے، human rights groups کے حوالے سے اور ہمارا پاکستان اور کشمیری diaspora ہے which is based in Europe, America and the Gulf. ان کے ذریعے یہ لڑائی ہم نے لڑنی ہے

and it has to be a sustained battle and there are certain conditions for that.

Mr. Chairman, we have to have a three pronged strategy.

ایک کشمیری عوام کے حوالے سے ہے جو اتنا ظلم برداشت کر رہے ہیں جو میرے خیال میں پچھلے ستر سال میں کہیں بھی نہیں ہوا۔ جناب چیئرمین! آج 25 دن ہو گئے ہیں کہ وہاں پر total ناکہ بندی ہے۔ یہ سٹالن گراڈ میں بھی نہیں ہوا تھا۔ یہ 2nd Wold War میں لینن گراڈ میں بھی نہیں ہوا تھا۔ وہاں پر معمول کی زندگی تھی حالانکہ جرمنی کے ساتھ جنگ ہو رہی تھی۔ آج BBC کی ایک سٹوری آئی ہے، آپ وہ دیکھ لیں۔ وہ کہہ رہے ہیں کہ don't beat us just shout us. اتنا ظلم کر رہے ہیں ہندوستانی قابض فوجی جہاں بھی جاتے ہیں وہاں پر جتنے مرد ہیں انہیں گھروں سے نکالتے ہیں اور ان کو مارتے ہیں۔ انہیں کہا جاتا ہے کہ توبہ کرو کہ کوئی بھی بات نہیں کرے گا۔ وہ کہتے ہیں کہ ہمیں نہ مارو بلکہ ہمیں گولی مارو۔ اتنا ظلم نہ کرو۔ یہ آج BBC میں سٹوری آئی ہے۔ آپ website پر دیکھ لیں۔ ابھی آپ please have it circulated to all the members. It is very important. اس کو آپ download کریں تاکہ ہمیں پتا چلے۔ یہ صرف ہم نہیں کر رہے ہیں۔ We have to take initiatives also. میں کل گوگل دیکھ رہا تھا۔ میں نے 30 articles دیکھے ہیں۔ 27 are against India. انڈیا کا جو image تھا وہ خراب اور

بے نقاب ہوا ہے۔انڈیا اپنے آپ کو جمہوری اور secular ملک کہہ رہا تھا۔کالے دھبے اس پر لگے ہیں۔اس حوالے سے ہمیں ایک challenge بھی ہے اور ایک opportunity بھی ہے۔ہمیں یہ issue دانش مندی اور دلیری کے ساتھ آگے لے کر جانا ہے۔ایک کشمیری عوام کو ہمت اور حوصلہ دیں۔

جناب چیئرمین!دوسرا انڈیا کے حوالے سے جو strategy ہے it should be Modi specific. مودی ایک فاشٹ سے ہے۔ایک racist ہے and he is against all minorities. We should be very careful to separate that from any religion. It is not about Hindus or Muslims, be very careful and thirdly we have to mobilize the international community.

جناب چیئرمین!اس میں میری دو تین تجاویز ہیں کہ یہ کام ہم کریں یا نہ کریں۔ایک دو conditions اس کے لیے اہم ہیں۔ایک تو ماضی کی غلطیاں ہم نہ دہرائیں۔جیسا کہ ہم نے کشمیر پالیسی میں کیا ہے کہ کوئی ہمارے favourites ہیں۔

It is indigenous uprising and it should remain indigenous.

دوسری بات ہے کہ اس کا Afghan peace process سے ایک link ہے۔ Afghan peace process is necessary. اس کو آگے لے کر چلیں کیونکہ 2 fronts situation ہو گی۔ورنہ اگر ادھر بھی جنگ ہوئی اور ادھر بھی جنگ ہوئی تو ہم نہیں لڑ سکتے۔اچھی بات ہے کہ ہم افغانستان میں امن لانے کے لیے تعاون کر رہے ہیں اور وہ امن ضروری ہے۔

جناب چیئرمین!آخری بات سب سے اہم ہے۔کوئی بھی داخلہ پالیسی جو ہوتی ہے وہ خارجہ پالیسی کی بنیاد ہوتی ہے۔ We can't have turmoil, instability, repression and division at home to have an effective Foreign Policy. میں سمجھتا ہوں کہ we need a healing touch at home دست شفا کی ضرورت ہے اور خاص طور پر اس پر میں کہوں گا چاہے وہ پاکستان مسلم لیگ (ن) ہے یا پاکستان پیپلز پارٹی ہے یا PTM ہے،ان کے دو بندے علی وزیر اور محسن داوڑ ابھی تک اندر ہیں۔ان کو بھی release کریں اور باقی political prisoners کو بھی release کریں۔ I feel the time has come, the Prime

Minister should break the ice. I think, میاں محمد نواز شریف کو release کیا جائے۔ آصف زرداری کو بھی release کیا جائے۔ I would term them as political prisoners. کیونکہ ایک طرف تو آپ نے ان کو other charges میں اندر کیا ہوا ہے، دوسری طرف there are a negotiations taking place for deal also. تو اس situation میں 1998 کے Nuclear Test کے بعد پاکستان کے لیے سب سے اہم فیصلہ ہم نے کرنا ہے۔ It is about the future of Pakistan, it is the future about the region. کیونکہ مودی واجپائی نہیں ہے۔ آگے ہمیں مودی کے بارے میں خوش فہمی تھی کہ مودی یہ کرے گا۔ واجپائی عظیم لیڈر تھا۔ اس کی نکسن والی سوچ تھی۔ یہ مودی ہندوتوا سوچ کا بڑا بدبودار اور متعصب بندہ ہے۔ یہ لوگ جو ہیں I call them the Gang of four. مودی، امیت شاہ، اجیت ڈوگر اور RSS یہ اکھنڈ بھارت پر یقین رکھتے ہیں۔ یہ رکیں گے نہیں، یہ پاکستان کو نقصان پہنچانا چاہتے ہیں۔ اس کے لیے میں سمجھتا ہوں پوری قوم کو اکٹھا ہونا ہے۔ It is not just about PTM, it is not just about the Army, it is not just about Opposition or Parliament. پوری قوم کو اکٹھا ہونا چاہیے۔ ہم نے شروع میں کہا تھا کہ we will fully cooperate اس لیے ہم نے کشمیر کمیٹی join کی تھی۔ ایک stamina آپ develop کریں۔ جس طرح ہم نے Nuclear programme بنایا تھا۔ 1974 میں بھٹو صاحب نے شروع کیا۔ General Zia-ul-Haq continued it with the same vigour and the same strength. کوئی compromise اس نے نہیں کیا۔ محترمہ نے contribute کیا اور میاں صاحب نے finally conclude کیا، 24 سال لگے تھے۔ اسی stamina اور استقامت کے ساتھ اور اسی commitment کے ساتھ اور اسی courage کے ساتھ we have to continue with the Kashmir policy. It is about our future and the future of the Kashmiri people. Thank you.

جناب چیئرمین: شکریہ۔ سینیٹر نگہت مرزا صاحبہ۔

**Senator Nighat Mirza**

سینیٹر نگہت مرزا: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ شکریہ، جناب چیئرمین صاحب۔

وہی ذمہ داران ناموس امت، وہی حامیان حرم بک چکے ہیں

جو لوح و قلم کی حفاظت کو نکلے تھے، خود ان کے لوح و قلم بک چکے ہیں
خطیبان بزم صفالٹ گئے ہیں، حریفان بیت الصنم بک چکے ہیں
کچھ آدرش خندہ بہ لب مر گئے ہیں، کچھ افکار با چشم نم بک چکے ہیں
اصولوں کی مظلومیت کون دیکھے، کسے اس کی جرات کے اس کربلا میں
اماموں کا خوں در بہ در بہہ چکا ہے، رسولوں کے نقش قدم بک چکے ہیں

جناب چیئرمین! سب سے پہلے تو میں مودی کے اس اقدام کی جو کشمیر میں انہوں نے آرٹیکل 370 اور 35 کے تحت مقبوضہ کشمیر کی خصوصی حیثیت ختم کی ہے اور 26 روز سے وہاں پر مسلسل کرفیو ہے۔ تمام لوگ جو انسانیت سے محبت کرتے ہیں اور جو انسان سے محبت کرتے ہیں۔ جو امن سے محبت کرتے ہیں۔ چاہے وہ میڈیا ہو یا مختلف وہ ممالک جو انسانیت کا درد رکھتے ہیں وہ اس کی مذمت کرتے ہیں۔ امت مسلمہ ہمیشہ ایسے موقعوں پر بے حسی کا مظاہرہ کرتی ہے۔ مجھے یاد ہے کہ جب افغان جہاد ہو رہا تھا اور اس کے بعد عراق پر فوج کشی ہوئی تھی تب بھی بڑی لمبی خاموشی تھی اور اس وقت بھی میں نے کچھ نظمیں کہیں تھیں جس کا ایک شعر تھا جو آج کل مجھے بہت یاد آرہا ہے کہ

سنبھال کر ذرا رکھیں یہ جبہ و دستار
بکیں گے ایک دن صاحب! یہی سر بازار

تو جتنا امت مسلمہ میں آپس میں دوری ہے، نااتفاقیاں ہیں اور ناچاقیاں ہیں اور خود اپنے اپنے مفادات کا سودا کیا جا رہا ہے۔ یہ مسلمانوں کو نقصان پہنچانے کے علاوہ کچھ نہیں ہو سکتا۔ متحدہ عرب امارات میں ہندو بہت مضبوط پوزیشن میں ہیں۔ انہوں نے باقاعدہ لابنگ کی ہے۔ جیسے جیسے افغانستان میں امن کی صورت حال پیدا ہونے کے امکانات روشن ہو رہے ہیں ویسے ویسے مودی نے پاکستان پر ضرب لگانی چاہی تاکہ پاکستان ان معاملات میں الجھ جائے لیکن کل شاہ محمود قریشی صاحب نے جس طرح بات کی اور انہوں نے اپوزیشن کے بارے میں اس بات کا اظہار کیا کہ وہاں پر کافی قابل لوگ موجود ہیں۔ میں اس ایوان میں کئی بار یہ بات کہہ چکی ہوں کہ اگر ہمارے ہاں غدار اور کافر دو لفظ حذف کر دیے جائیں تو میرا خیال ہے کہ ہماری قوم یکجا ہو جائے گی۔ ہم بڑے بڑے عہدوں پر رہ کر ریٹائرڈ ہو جاتے ہیں یا دوسری حکومت آجاتی ہے تو ہم بے نام اور بے نشان ہو جاتے ہیں۔ کیوں؟ ہمارے ہاں think tank کیوں نہیں بنائی جاتی۔ جو پرانے وزیر خارجہ ہیں انہوں نے اس معاملات کو پہلے handle کیا ہے۔ ان سب کو بلایا جائے اور بٹھایا جائے، ان کی رائے لی جائے لیکن ہمارے ہاں ایسی صورت حال نہیں ہوتی۔ ایک حکومت آتی ہے تو تمام پالیسیوں

کو رد کر دیتی ہے۔ میں موجودہ حکومت اور عمران خان صاحب پر جو الزامات سن رہی ہوں۔ یہ نہیں کہ میں ان کی حلیف جماعت ہوں۔ میں نے ہمیشہ اس ایوان میں سچ بولا ہے۔ یہ تو ایک سال کی نوزائیدا حکومت ہے۔ جو پچھلے ستر سال سے ان معاملات کو دیکھ رہے تھے انہوں نے کونسا تیر مار لیا۔ بھئی! آپ کے لیے تو جہاد کے راستے ہمیشہ سے کھلے تھے۔ آپ ہمیشہ جہاد کے نعرے لگاتے رہے ہیں۔ مختلف قسم کی حکومتیں آتی رہی جہاد کر لیتے اور کشمیر حاصل کر لیتے لیکن یہ اتنا آسان معاملہ نہیں ہے۔ اس وقت پاکستان کی بقا اور سلامتی کا دارو مدار اس بات پر ہے کہ ہم کشمیر کی یہ نفسیاتی جنگ اس انداز سے جیت سکتے ہیں۔ ہم اقوام متحدہ کے قرار دادوں پر کس طرح عمل کروا سکتے ہیں۔ اقوام متحدہ کا ہمیشہ اسی طرح کا role رہا ہے کہ وہ ریت میں سر دبالیتا ہے، جب چھوٹے ممالک کی بات سامنے آتی ہے تو وہ کوئی فیصلہ کرنے سے قاصر ہوتا ہے۔ جب بڑے ممالک کی بات ہوتی ہے تو ملکوں پر یلغار کرنے، کروانے اور حکم دینے سے بھی نہیں چوکتا ہے لہٰذا ہمیں اپنے فیصلے خود کرنے ہوں گے۔

ابھی مشاہد حسین صاحب نے بھی کہا اور خود میں بھی یہاں ہمیشہ کہتی رہی ہوں کہ داخلہ اور خارجہ پالیسی کا ہم آہنگ ہونا بہت ضروری ہے۔ جب آپ کے اپنے ملک میں لوگ مطمئن ہوں گے، جب آپ کے اپنے لوگوں میں انتشار نہیں ہوگا تب ہی آپ کسی دوسری قوم سے، چاہے وہ میڈیا کی جنگ ہو، چاہے وہ کسی قسم کی بھی جنگ ہو، چاہے ہتھیاروں کی جنگ ہو، آپ تب جیت سکتے ہیں جب پہلے آپ کے اپنے ملک میں اطمینان ہوگا۔

مجھے افسوس کے ساتھ کہنا پڑرہا ہے کہ اس وقت جو حالات کراچی کے ہیں، ہم کشمیر کے بارے میں تو یہ کہہ رہے ہیں کہ وہاں چھبیس روز سے کرفیو ہے، ہم خود پریشان ہیں۔ میں نے 1988 سے کشمیر کے لئے بہت کچھ لکھا ہے اور بڑی کوششیں کی ہیں لیکن اس مرتبہ جو کراچی کے حالات ہیں کہ کے۔ الیکٹرک کی وجہ سے وہاں چالیس سے زائد اموات ہو چکی ہیں۔ پورا شہر کچرے کا ڈھیر بنا ہوا ہے۔ وہاں چاہے ایم کیو ایم ہو، چاہے پی ٹی آئی ہو، چاہے پی ایس پی ہو، چاہے پیپلز پارٹی ہو سب ایک دوسرے سے الجھ الجھ کر ستیاناس کر رہے ہیں۔ علی زیدی صاحب کی شکر گزار ہوں کہ انہوں نے کم از کم ایک نالے کو صاف کر دیا لیکن اس طرح کے بیانات جو دل شکنی کا باعث بنتے ہیں ان سے گریز کریں۔ بہر حال کشمیر اس وقت ہمارے لئے مقدم ہے اور ہم سب کی آرزو یہ ہے کہ وہاں جو بھی ظلم ہو رہا ہے اس سے کسی صورت ہمیں چھٹکارہ مل سکے۔

سب سے بڑی بات یہ ہے کہ اگر ہم اس وقت جو سعودی عرب میں اسلامک فوج بنی ہے، اس میں ہمارے سابق سپہ سالار ہیں، ہم ان کو بلا کر کیوں نہیں بات کرتے۔ ہم یہ نہیں چاہتے

کہ وہ جنگ کے لئے فوجیں بھیج دیں لیکن وہ وہاں میڈیکل ٹروپس بھیج سکتے ہیں۔کم از کم جو صورت حال وہاں کی ہے کچھ تو بہتر ہوگی، کچھ تو اس طرح کی صورت حال ہوگی کہ جب غیر ملکی وہاں جاکر کھڑے ہوں گے ،اقوام متحدہ کو تو خود فوج بھیج دینی چاہیے تھی اب تک ،اقوام متحدہ نے تو خاموشی کا لبادہ اوڑھا ہوا ہے تو ہم کم از کم سعودی عرب سے یہ اپیل کر سکتے ہیں،اپنے سپہ سالاروں کو بلاکر ان سے بات کر سکتے ہیں کہ وہاں Medical troops بھیج کر وہاں پر لوگوں کو کم از کم میڈیکل سہولتیں مہیا کی جائیں۔

دوسری بات یہ ہے کہ ہم نے بہت سا وقت ضائع کر دیا ہے۔دیکھئے جو ٹیلی فون پر گفتگو ہوتی ہے اس میں اور جو روبرو گفتگو ہوتی ہے اس میں زمین آسمان کا فرق ہوتا ہے۔ابھی تک ہمیں کچھ پارلیمانی وفود کچھ خاص ملکوں میں بھیج دینے چاہییں تھے جس سے ہم نے گریز کیا اور یہ ہم پالیسی نہیں بنا سکے۔

ایک اور بات میں وزیر اعظم کے گوش گزار کرنا چاہوں گی کہ ہمیں کسی ایسے فیصلے کی حمایت کرنے میں پتا نہیں کیوں پریشانی لاحق ہوتی ہے اور ہم اپوزیشن کو وہی کردار دینا چاہتے ہیں کہ وہ ایک طرف بیٹھی رہے اور حکومت ایک طرف ہو۔آج جو فیصلہ ہے کہ بارہ سے ساڑھے بارہ کے درمیان سب لوگ باہر نکلیں،وہ بے شک ایک بہت اچھا فیصلہ ہے اور کم از کم اس سے یک جہتی کا بھرپور کا مظاہرہ ہو گا لیکن یہ ہم بار بار نہیں دہرا سکتے۔

چھ ستمبر کو آپ یہ بھرپور مظاہرے ایک مرتبہ اور کر لیجئے،اس کے بعد میں نہیں سمجھتی کہ ہمیں لوگوں کو اس قدر تھکا دینے والا سفر کروانا چاہیے بلکہ عوام سے ایک اپیل کر دینی چاہیے کہ جمعہ کی نماز کے بعد وہ نکل کر اپنے اپنے طور پر مساجد کے باہر پندرہ منٹ ہاتھوں کی زنجیر بنا کر کھڑے ہو جائیں لیکن میرا خیال ہے کہ یہ عمل لوگوں کو جلدی تھکا دے گا اور ہمیں اس کے خاطر خواہ نتائج نہیں مل سکیں گے جو وزیر اعظم صاحب چاہتے ہیں۔

میں اپنی تقریر کو مختصر کرتے ہوئے ایک چھوٹی سی نظم پیش کرتی ہوں جو میں نے کل یہاں لکھی تھی، یہ سوچ کر کہ میری باری آ جائے گی۔

درد کی ایک شمع ٹمٹماتی ہوئی ہر نئے دکھ پر منتظر ہے ابھی
ان کے مسیحاؤں کی جن کے وعدے سدا آس دیتے رہے
زندگی کی لہر لوٹ کر آئے گی
آج گم ہو رہی ہے وہی زندگی موت کی بانہہ میں سانس روکے ہوئے

ہر ایک آہٹ یہاں کہہ رہی ہے یہی
کوئی کشمیر کی وادیوں میں نئی روح پھونکے گا کب
ایک آزاد صبح طلوع ہو گی کب
کوئی بتلائے گا، کوئی سمجھائے گا
کیا کوئی آئے گا؟ کیا کوئی آئے گا؟

شکریہ۔

جناب چیئرمین: بہت شکریہ جی۔ سینیٹر میاں رضا ربانی۔

**Senator Mian Raza Rabbani**

سینیٹر میاں رضا ربانی: جناب چیئرمین! شکریہ۔ جناب چیئرمین! اگر اجازت ہو تو میں تھوڑی سی مختلف بات کرنا چاہوں گا کیونکہ بہت سی گفتگو ہو چکی ہے اور بہت دنوں سے یہ گفتگو چل رہی ہے۔ اس میں، میں ابتداء میں یہ بات عرض کرنا چاہوں گا کہ آپ کو یاد ہو گا کہ پھانسی کی کال کوٹھڑی کے اندر شہید ذوالفقار علی بھٹو نے یہ بات کہی تھی کہ ہمالیہ روئے گا۔ غالباً آج جو صورت حال کشمیر کے اندر ہے اور کشمیر کی وجہ سے جو صورت حال خطے کی بنتی جارہی ہے اس میں ہمالیہ رو رہا ہے۔

جناب چیئرمین! بہت سی گفتگو اور بہت سی تقاریر، اس وقت جو کشمیر کے اندر ظلم ہو رہا ہے، جو پچیس اور چھبیس دنوں سے کرفیو چل رہا ہے، جس طرح سے لوگوں کو گولیوں کا نشانہ بنایا جارہا ہے اور کشمیر کی جیلیں وہاں کے لوگوں کے لئے کم پڑتی جارہی ہیں، اس ظلم اور اس ستم پر تو بات بہت ہوئی ہے لیکن یہ امر بھی ضروری ہے کہ اب جب ہم کشمیر کی بات کر رہے ہوں تو ہم تھوڑا سا جائزہ اس بات کا بھی لیں کہ آگے چل کر اس کے کیا consequences اس خطے کے لئے اور اس region کے لئے بنیں گے۔

جناب چیئرمین! ہمیں اس بات کو دیکھنا ہے کہ کشمیر کے اندر مسلمان بھی ہیں، کشمیر کے اندر بدھ بھی ہیں، کشمیر کے اندر سکھ بھی ہیں، کشمیر کے اندر جینز بھی ہیں۔ انڈیا ایک multi-ethnic سوسائٹی ہے۔ ہندوستان ایک ایسا ملک ہے جس میں بیس official زبانیں بولی جاتی ہیں۔ ہندوستان ایک ایسا ملک ہے جس میں 19,500 مختلف dialects بولے جاتے ہیں۔

جناب چیئرمین! اس بات کو مدنظر رکھتے ہوئے ہمیں یہ بھی دیکھنا ہے کہ کشمیر کے علاوہ Article 370(1) کے تحت ہندوستان کے اندر بہت سی ایسی ریاستیں ہیں جن کا special

status موجود ہے اوران ریاستوں کے اوپر Article 370 کو ختم کرنے کا کیا reaction اور کیا fall back ہوگا، اس بات کو بھی ہمیں مدنظر رکھنا ہوگا۔ اس کے علاوہ ہمیں یہ بھی دیکھنا ہے کہ مہاراشٹرا اور گجرات کے اندر الگ سے scheduled areas موجود ہیں۔ پھر تاریخ ہمیں یہ بات بتاتی ہے کہ چاہے وہ آسام ہو، چاہے وہ میزوہو، چاہے وہ ناگاز ہوں، انہوں نے ہندوستانی ریاست کے خلاف ہتھیار اٹھائے ہیں اور آج ہمیں اس چیز کو اس بات کے اندر دیکھنا ہوگا۔

آج ہندوستان کے اندر majoritarianism کو فروغ دیا جارہا ہے اور وہ فروغ اس لئے دیا جارہا ہے کہ کہ مودی نے بابری مسجد کو منہدم کیا and he got away with it. مودی نے گجرات کا واقعہ کیا، and he got away with it but جہاں support پاکستان ڈھونڈھ رہا ہے ، جن ممالک کے اندر، ان ممالک میں اب پاکستان کو support نہیں ملے گی اور وہ اس لئے نہیں ملے گی کیونکہ دنیا کی leadership profit oriented ہو گئی ہے۔ دنیا کی leadership اپنے economic مفادات کو دیکھتی ہے۔

جناب چیئرمین! مجھے افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ ہم مسلم امہ کی تو بڑی بات کرتے ہیں، مسلم امہ میں اگر کچھ بھی ہو جائے تو پاکستان کھڑا ہو جاتا ہے لیکن جب بھی پاکستان پر مشکل وقت آیا، یا جب بھی مسلمانوں پر مشکل وقت آیا تو مسلم امہ خاموش رہی۔

Mr. Chairman, where was the Muslim Ummah when genocide was being committed in Bosnia? They were busy filling their coffers. Where was the Muslim Ummah when the people of Palestine were being subjected to the worst form of ethnic cleansing by Israel? They were busy pondering to the American imperialists.

جناب چیئرمین! آج جب کشمیر میں مسلمانوں کو مارا جارہا ہے، مسلمان خواتین کی عزت لوٹی جارہی ہے، مسلمان بچوں کی آنکھوں کی بینائی ختم کی جارہی ہے تو مسلم امہ کہاں ہے؟ کیا مسلم امہ وہ ہے کہ پانچ تاریخ کو status ختم کیا جاتا ہے اور پانچ یا چھ تاریخ کو ہندوستان میں سعودی عرب one of the biggest deal ہندوستان کے ساتھ کرتا ہے۔ Is this the Muslim Ummah that we are talking about? وہی سعودی عرب

جس کو ہم نے کہا ہے کہ آکر گوادر میں refinery بنائیں۔ ہم کس سمت جا رہے ہیں؟ کیا یہ وہی مسلم امہ ہے جو UAE کا شیخ بلا کر highest award دیتا ہے؟ یہ وہی مسلم امہ ہے and I salute you Sir for the courageous steps that you took, یقینی طور پر آپ نے ایک مضبوط قدم اٹھایا۔ کیا یہ وہی مسلم امہ ہے جو بحرین میں بلا کر کہتا ہے کہ آپ بھی مجھ سے award لے لیں۔

جناب چیئرمین! اب ہمیں ان conventional ملکوں کی طرف دیکھنا نہیں چاہیے کیونکہ ان کے economic مفادات وابستہ ہیں اور ان کے economic مفادات پر انہوں نے human rights کی fundamental rights، genocide کی اور international treaties کا سودا کر دیا ہے۔

میں سمجھتا ہوں کہ وہ وقت آچکا ہے جب پاکستان کو یہ کہنا چاہیے کہ enough is enough for the Muslim Ummah. OIC نے کیا کیا؟ رو دھو کہ ایک statement ان سے نہیں آسکا جس میں وہ کہیں کہ ہندوستان کشمیر میں aggressor ہے۔ یہاں پر کوئی بات ہوتی ہے تو
we are ready for the Muslim Ummah.

جناب چیئرمین! آپ کے توسط سے حکومت کو میری یہ تجویز ہوگی کہ the time is now ripe that Pakistan should pullout of OIC, the Muslim OIC is worse than the United Nations. کسی بھی conflict area میں بوسنیا، فلسطین، کشمیر، OIC نے کوئی کردار ادا نہیں کیا۔

جناب چیئرمین! اس وقت ہم دیکھ کیا رہے ہیں۔ ہمارا response, ہم خوش ہیں کہ کشمیر کا issue internationalized ہو گیا ہے، کشمیر کا issue مختلف degrees میں پہلے سے internationalized تھا، لیکن اب اتنا بڑا سانحہ ہوا ہے جس کی وجہ سے حالات مختلف ہو گئے ہیں۔ اس کا fallout, جیسے میں نے کہا کہ انڈیا کی diversity, اس diversity میں اگر ہندوستان تاریخ میں آگے چل کر disintegration کی طرف بڑھتا ہے تو اس کا fallout ہمارے خطے پر کیا ہوگا؟ اس کا fallout وفاق پاکستان پر کیا ہوگا؟ کیا ہمارے strategic thinking کرنے والے لوگ،
are thinking on these lines?

جناب چیئرمین! ہمیں ان چیزوں کو مدنظر رکھنا پڑے گا کیونکہ تاریخ کا پہیا آگے بڑھتا جارہا ہے۔ یہ عین ممکن ہے کہ مودی کی پالیسیوں کی وجہ سے اور جو greater game اس وقت خطے میں امریکی سامراج بنا رہا ہے، اس میں آگے جاکر ہندوستان کی ضرورت امریکہ کو اس طرح نہ رہے۔ اگر ہندوستان میں disintegration کا process sit in کرتا ہے تو پھر ہمارے ہاں کیا صورت حال ہوگی، we should be ready for that.

اس کے ساتھ ساتھ میں یہ سمجھتا ہوں کہ جہاں بھی thinking ہو رہی ہے، وہ thinking دراصل پارلیمان کے اندر ہونی چاہیے۔ میری آپ سے گزارش ہوگی کہ آپ سینیٹ کی Committee of the Whole کو کشمیر کے مسئلے پر بلائیں تاکہ پہلے آپ parliamentary diplomacy کی جو بات کرتے رہے، اس میں ہمیں کیا اقدام اٹھانے ہیں، ان کا ہم جائزہ لے سکیں۔ جناب! ایک reality check جو ہمیں کرنا ہے، وہ reality check یہ ہے کہ کشمیر کی صورتحال کو ہمیں سمجھ لینا چاہیے that there is no easy or quick solution to it. Article 370 is not going to be rolled back. India is not going to withdraw its forces from Occupied Kashmir. This has now become a situation like Palestine. جیسے فلسطین میں آزادی کی جدوجہد چلتی رہی ہے، چلتی جارہی ہے اور انتفادہ آتا ہے اور رکتا ہے اور پھر آتا ہے۔ وہی صورتحال اب کشمیر کی ہے۔ ہمیں اس چیز کو مدنظر رکھنا ہے۔

دوسرا reality check جو میں دو منٹ پہلے عرض کر چکا ہوں، وہ ہے کہ مسلم امہ کا bubble پھٹ چکا ہے۔ تیسرا reality check یہ کہ Indian Defence Minister کی statement جس میں اس نے یہ بات کہی کہ ہم اپنی first use کی پالیسی کو ترک کر سکتے ہیں۔ ہمیں اس بات کو مدنظر رکھنا ہوگا کہ اس statement کے بعد خطے میں ایک arms race جنم لے سکتی ہے۔

جناب چیئرمین! چوتھا reality check یہ ہے کہ with perpetual tension on the borders with India, this will mean higher levels of defence expenditure.

Mr. Chairman, No. 5. Pakistan has no influence, یہ بات ہمیں ماننی پڑے گی، یہ آج کی حکومت کی نہیں ہے، یہ 1947 سے لے کر آج تک جو پاکستان کی خارجہ پالیسی بناتے رہے ہیں، جو ناقص خارجہ پالیسی رہی ہے اس کی وجہ سے

Pakistan today has no influence in the corridors of international powers آج اسی پالیسی کی وجہ سے we stand isolated سوائے چین، ترکی اور مجھے پھر سمجھ میں نہیں آتی کہ ایران، ایران نے resolution بھی پاس کی، ایران کے صدر نے بھی بات کی لیکن پاکستان میں اس کا black out ہے۔ تین ممالک آج آپ کو support کر رہے ہیں، that is China, Turkey and Iran.

جناب چیئر مین! پاکستان شروع دن سے امریکہ کا حواری بنا، پاکستان نے امریکہ کو بڈھ بیر دیا، پاکستان امریکہ کے ساتھ SEATO and CENTO کے اندر بیٹھے، پاکستان نے امریکہ کی وجہ سے non-aligned movement کے ساتھ اپنا رشتہ، ناطہ نہیں جوڑا۔ پاکستان نے امریکہ کی خاطر، روس کے ساتھ جنگ کی۔ آخر میں امریکہ سے ایک condemnation کی Statement کشمیر کے مسئلے پر پاکستان نہیں لے سکا۔ ہم اس بات پر خوش ہوتے ہیں کہ ٹرمپ نے کہا میں ثالثی کرنے کے لیے تیار ہوں۔ ثالثی یروشلم کو اسرائیل کا Capital بنا کر بھی ہوئی تھی، ایسی ثالثی ہمیں کشمیر میں منظور نہیں ہے۔

Mr. Chairman! in the end and I will just read through those.

جو میری طرف سے recommendations ہیں۔

1. Parliament needs to sensitise all Human Rights Organisations on the curfew and state of Human Rights in Kashmir.
2. Parliament needs to sensitise all Organisations working for freedom of information and the rights of journalists of the state of affairs in Kashmir.
3. Parliament needs to move a “Emergency Motion” in the General Assembly of the IPU in October, 2019.
4. Parliament needs to take up the issue of violation of Human Rights, at the Regional meeting of the IPU, in Maldives, September,2019.

5. Parliament should try to convene a special meeting of the Commonwealth Parliamentary Association.
6. Parliament should try to convene a special meeting of the Asian Parliamentary Association.
7. Parliament should develop the theme of ethnic cleansing, change in demography, genocide, violation of Human Rights and children being the most affected. All because they want the right of self-determination. This should be documented.
8. Parliament should prepare a list of all International Treaties and Covenants signed by India and how it violates them today in Kashmir.
9. Pakistan should write to the U.N. Commission on Human Rights asking for a special meeting.
10. Pakistan should demand U.N. observers to visit Kashmir.
11. Pakistan should refuse to participate in the working and functions of the OIC.
12. Pakistan needs to have a reappraisal of its relationship with the Ummah.
13. Pakistan needs to look to Asia, and stop its alignment with the US.

Thank you.

جناب چیئرمین: سیکرٹری صاحب بتائیں گے جو بھی کشمیر کے حوالے سے پروگرام ہوگا۔

جناب محمد انور (سیکرٹری سینیٹ): بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ Thank you very much, for kind information of the House and members. کل جو یہاں پر announce کیا گیا تھا، وزیراعظم صاحب نے پارلیمنٹ ہاؤس کے سامنے تشریف لانا تھااور معزز ممبران سے گزارش کی گئی تھی کہ وہ تشریف لائیں۔ اب یہ اطلاع ملی ہے کہ وزیراعظم صاحب تشریف نہیں لارہے، ابھی جو ہم نے حکومت کے

پروگرام کی روشنی میں اپنا پروگرام chalk out کیا ہے وہ یہ ہے کہ 11:40 پر اب سے تقریباً 25 منٹ بعد اس بلڈنگ کا تمام سٹاف including the staff of Senate Secretariat سارے باہر چلے جائیں گے۔ ہماری ممبران سے گزارش ہوگی کہ دس منٹ بعد 11:50 پر باہر تشریف لے آئیں۔ چیئرمین صاحب اور سپیکر صاحب بھی باہر تشریف لائیں گے۔ کشمیر کے ساتھ یکجہتی کی جو پالیسی ہے اسی کو follow کیا جائے گا۔ وزیراعظم صاحب اپنے آفس کے باہر احتجاج کر رہے ہیں، جس طرح کل سے میڈیا پر بھی چل رہا ہے، وہ پروگرام الگ سے ہو رہا ہے۔

جناب چیئرمین: سینیٹر عثمان کاکڑ۔

**Senator Muhammad Usman Khan Kakar**

سینیٹر محمد عثمان خان کاکڑ: جناب والا! کشمیر ایک اہم مسئلہ ہے۔ پچیس دن ہو گئے ہیں، اب عوام کو research کرنا چاہیے کہ پچیس دن میں اپوزیشن نے کتنی سنجیدگی کا مظاہرہ کیا اور حکومت نے کتنا غیر سنجیدگی کا مظاہرہ کیا، عوام کو اس بات کی research کرنی چاہیے، اس پر اپنے comments دینے چاہیئں۔ جناب چیئرمین! کشمیر کا مسئلہ، کشمیری عوام جو ایک کروڑ سے زیادہ ہیں، خدا نے ان کو ایک جنت نظیر وطن دیا ہے۔ کشمیری مزاجاً بھی شریف لوگ ہیں اگر آپ کسی نسل کو، کسی قوم کو study کرو گے تو بہت شریف النسل لوگ ہیں لیکن مشکل میں پڑے ہوئے ہیں۔ جناب والا! افسوس یہ ہے کہ ہم کشمیر پر سیاست کر رہے ہیں جو سب سے نقصان دہ کشمیریوں کے لیے ہے۔ اس مسئلے پر سیاست نہیں کرنی چاہیے بلکہ اس مسئلے کو حل کرنا چاہیے۔ ہندوستان اور ان کا وزیراعظم مودی اس مسئلے پر سنجیدہ ہے اور ہم غیر سنجیدہ ہیں۔

جناب چیئرمین! میں کشمیر کو بعد میں discuss کروں گا کیونکہ ہم یہاں پر نعرے لگا رہے ہیں کہ 'قومی یکجہتی' اور 'مسلمہ امہ' کا۔ میں قومی یکجہتی سے شروع کروں گا اور پھر مسلم امہ پر جاؤں گا۔ قومی یکجہتی کا سب سے بڑا symbol اس ملک میں ہمارے آئین کے مطابق پارلیمنٹ ہے، عوام کے ووٹ سے منتخب پارلیمنٹ ہے۔ یہاں پر اس عوام کی منتخب پارلیمنٹ کی کوئی اوقات نہیں ہے۔ ہمارے حکمرانوں کی نظر میں، ہمارے مقتدر طبقہ کی نظر میں، اس ملک کی غیر جمہوری قوتوں کی نظر میں پارلیمنٹ کی کوئی اوقات نہیں ہے۔ سب سے پہلے قومی یکجہتی کے لیے پارلیمنٹ کو با اختیار بنانا چاہیے، اس کا احترام آئین کے تحت کرنا چاہیے۔

دوسری بات یہ ہے کہ قومی یکجہتی کے لیے پشتون، بلوچ، سندھی، سرائیکی اور پنجابی اقوام رہتی ہیں، ان کی برابری ہونی چاہیے۔ پشتون مطمئن نہیں ہیں، بلوچ مطمئن نہیں ہیں، سندھی مطمئن نہیں ہیں، پنجاب کی غریب عوام مطمئن نہیں ہے کس طریقے سے آپ قومی یکجہتی کی باتیں کر رہے ہو۔ جناب والا! یہاں پر حالت یہ ہے کہ ہمارے حکمران مسلسل غریب عوام پر حملہ آور ہو رہے ہیں، قوموں پر حملہ آور ہو رہے ہیں، عدلیہ پر حملہ آور ہو رہے ہیں۔ ہمارے حکمران میڈیا پر حملہ آور ہو رہے ہیں، مخالفین پر حملہ آور ہو رہے ہیں، اپوزیشن پارٹیوں پر حملہ آور ہو رہے ہیں۔ وزیرستان پر حملہ آور ہو رہے ہیں، نواز شریف سے لے کر زرداری صاحب تک یہاں پر سیاسی قیدی ہیں۔ زرداری صاحب سے لیکر خاقان عباسی تک، یہاں پر سیاسی قیدی ہیں اور ان کے دوسرے ساتھی رانا ثناء اللہ، علی وزیر، محسن داوڑ۔

جناب چیئرمین! ہمارے ساتھیوں کو ان لوگوں نے گرفتار کیا ہے، ملا بارام چمن سے، کاکا شفیق پشین سے، ڈاکٹر عبدالحئی وزیرستان، پشاور سے اور مسعود کراچی میں، اور بھی سینکڑوں لوگ ہیں، ہم کس طریقے سے قومی یکجہتی کی باتیں کریں، پروڈکشن آرڈر جاری نہیں کر رہے، آپ کی یہ حالت ہے اور آپ نے مودی کے خلاف میڈیا اتنا استعمال نہیں کیا جتنا opposition کے خلاف کیا ہے۔

جناب چیئرمین: آفریدی صاحب سنیں۔ جی

سینیٹر محمد عثمان خان کاکڑ: آپ نے opposition کے خلاف media کو استعمال کیا ہے، پارلیمنٹ کو، اپنی تقریروں کو، اپنے وسائل کو، اپنے پرائم منسٹر ہاؤس کو، اپنے CM Houses کے خلاف استعمال کیا ہے۔ جناب چیئرمین! یہ کیسا مسلم امہ ہے؟ مسلم امہ کا جو کردار ہے وہ ہمارے حکمرانوں کی غلط policies کی وجہ سے ہے۔ ہم ضیاء الحق سے لیکر آج تک ہر وقت کرائے کے سپاہی بنے ہیں، امریکہ کے، Arabs کے، اب چین کے، روسیوں کے، پتا نہیں کل کس کے بنیں گے۔ جناب چیئرمین! آج سے 41 سال پہلے افغانستان میں ایک تبدیلی آئی، کیا افغانستان کا عوام مسلم امہ نہیں ہے؟ اس پر ہم حملہ آور ہوئے ہیں۔ اسرائیل کی قیادت میں، امریکا کی قیادت میں اور ان سارے Arabs کی قیادت میں ہم آج تک حملہ آور ہیں۔ لاکھوں لوگ شہید ہوگئے ہیں، لاکھوں مہاجر کڈوال ہوگئے ہیں، لاکھوں یتیم ہوگئے ہیں، ملک ختم ہوا، دہشتگردوں کا راج بنا، جس میں ہم ان کے ساتھ تھے، یہ ظلم ہم نے کیا۔ کیا افغانستان مسلم امہ نہیں ہے؟ عراق پر ہم حملہ آور ہوئے ہیں ہم نے صدام کے خلاف ان کی حمایت کی، وہ مسلم امہ نہیں

تھا؟یہاں پر برما میں جو مسلمانوں کے ساتھ ہوا، ہم سب خاموش رہے ہیں کیوں کہ صدام اور قذافی کے حوالے سے امریکہ ناراض ہو رہا تھا اور یہاں پر چینی برما کے حوالے سے ناراض ہو رہے ہیں، ہم نے خاموشی کی۔ ان لوگوں کو ٹکرے ٹکرے کر دیا گیا، لوگ بھوک سے مر رہے تھے۔ جناب! یہ کس طریقے سے کہتے ہیں کہ مسلم امہ ہیں، ایران کے حوالے سے بھی یہ ہی مسئلہ ہے، سنکیانگ میں بھی یہ ہی مسئلہ ہے، 15لاکھ لوگوں کو بے گار کیمپ میں رکھا گیا ہے کہ آپ کچھ نہیں کر سکتے ہو۔ ہزاروں لوگ جیل میں ہیں۔ کہاں ہیں مسلم امہ کے ٹھیکیدار، اسلام آباد والے؟ غلطی ہم میں ہے، مسلم امہ میں نہیں ہے۔ ہم کرائے کے سپاہی بنے ہوئے ہیں ہر وقت دوسروں کے لیے گئے۔ یہاں پر ہمارے محترم سینیٹر حضرات کہتے ہیں کہ مسلم امہ، مسلم امہ، غلطی ہم میں ہی ہے۔ کیا یہ پشتون، بلوچ، سندھی اور سرائیکی مسلم امہ نہیں ہیں؟ پاکستانی تو نہیں مان رہے ہو، ان بیچاروں کو مسلم امہ تو مان لو۔

جناب چیئرمین! مسئلہ یہ ہے کہ کشمیر کو ایک معاہدے کے تحت حوالے کیا گیا ہے، اصل مسئلہ یہ ہے ورنہ مودی کی یہ جرائت نہیں تھی۔ اس پر لوگ ناراض ہو جاتے ہیں میرا خیال یہ ہے کہ ٹرمپ کو آزاد کشمیر، گلگت پر ثالث مقرر کرنے کی پیش کش کی گئی ہے۔ اس میں سوچ لیں۔ بنیادی طور پر بات یہ ہے کہ صرف اور صرف عوام کو گمراہ کرنے کے لیے مختلف مسائل سے ان کے ذہن کو divert کرنے کے لیے یہ سارا واویلا کر رہے ہیں، ان لوگوں نے فیصلہ کر لیا ہے، اب عوام بیچارے حیران ہیں، وہاں سے دہلی والا مودی جنگ کی باتیں کر رہا ہے، یہاں سے لال حویلی والا وزیر ریلوے جنگ کی باتیں کر رہا ہے۔ خدا کے لیے جنگ کی باتیں نہ کریں۔ November میں جنگ شروع ہوگی، December میں جنگ شروع ہوگی، یہ سب کچھ عوام کو ڈرانے کے لیے ہو رہا ہے۔ جناب چیئرمین! مودی کو ہم لوگوں نے جواز فراہم کیا ہے، اس سینیٹ میں ہم نے مخالفت کی تھی کہ خدا کے لیے فاٹا کو merge مت کرو۔ آپ نے مودی کو راستہ دیا کہ آپ فاٹا کو merge کر سکتے ہو تو میں کشمیر کو merge کر سکتا ہوں۔ یہ بھی آپ تھے۔ پارلیمنٹ کے حکم پر ہم نے یہ کام کیا ہے۔ ہم Internationally طور پر democracy نہیں کر رہے ہیں، اپنی عوام کے ساتھ کر رہے ہیں، diplomacy Internationally طور پر کرنا چاہیے اپنے عوام کے ساتھ نہیں کرنا چاہیے، جناب چیئرمین صاحب opposition کے ساتھ نہیں کرنا چاہیے۔ کہہ رہے تھے کہ افغانستان میں امریکن فوجی آئے ہوئے ہیں حالانکہ security council کا متفقہ قرارداد تھا ایک مہینہ ہو گیا ہے اب ریاض سعودی

عرب میں امریکن فوجی آ گئے ہیں اس پر سب خاموش ہیں۔ آپ کے حکمران آپ کی ساری political parties ہیں تو جناب والا! کشمیر کا مسئلہ تین حصوں میں تقسیم نہیں ہونا چاہیے۔ جہاں پر Chinese بات کرتے ہیں، لداخ پر ہم سب خاموش ہو جاتے ہیں۔ کشمیر ایک ہونا چاہیے، کشمیریوں کے لیے ہونا چاہیے، کشمیریوں کی حق حاکیت، حق ملکیت ہونی چاہیے۔ ہمارے ملک کے بعض لوگ، بعض حکمران، بعض parliamentarians انڈیا کو کشمیر دیتے ہیں مگر کشمیریوں کے لیے ایک کشمیر نہیں چاہتے ہیں۔ کشمیر میں کشمیریوں کے حق حاکیت، حق ملکیت اور کشمیر متحد ہو اس پر کشمیریوں کا راج ہو، ہماری پارٹی کا موقف یہ ہے اور اس کو تقسیم مت کرو، اس میں آپ مودی کی مدد کر رہے ہو، مدد نہیں کرنی چاہیے، کشمیریوں کا ایک خود مختار کشمیر ہونا چاہیے۔

جناب چیئرمین: شکریہ، سینیٹر صاحب وقت کم ہے، بڑی مہربانی۔ سینیٹر محسن عزیز صاحب۔

**Senator Mohsin Aziz**

سینیٹر محسن عزیز: جناب چیئرمین! بہت شکریہ، ہم سب کو معلوم ہے کہ کشمیر کا مسئلہ پچھلے ستر سالوں سے ہر پاکستانی کی شہ رگ سے بھی نزدیک ہے اور یہ ہی تنازعہ پاکستان اور ہندوستان میں تین جنگوں کا سبب بنا ہے، بجائے اس کے کہ ہم پچھلے ستر سالوں میں اپنے عوام کی صحت، تعلیم اور روزگار کی جو ضروریات ہیں ان کو پورا کرتے ہم پچھلے ستر سالوں سے اسی مسائل میں لگے ہوئے ہیں۔ ہم سمجھتے ہیں کہ جنگ کسی مسئلے کا حل نہیں ہے، عمران خان صاحب نے oath لیتے وقت اس کے بعد بڑے واشگاف الفاظ میں یہ کہا تھا کہ ہندوستان اگر ایک قدم آگے لے گا تو ہم دو قدم آگے لیں گے لیکن ہندوستان میں اب ایک ظالم، قاتل fascist اور خونی مودی کا راج ہے وہاں پر یہ توقع نہیں کی جا سکتی۔ UN resolutions اور Shimla accord جو تھا اس کے علاوہ جو Lahore resolution تھا اس کے علاوہ جو وہاں پر مختلف اوقات میں 1948,1951 اور 1957 میں جو Plebiscite کا اور وہاں پر خودارادیت کا ذکر ہوا تھا اور resolutions pass ہوئے تھے اس کو مودی نے آ کر 5 August کو روند دیا، جو تمام وعدے تھے ان کو روند دیا اور اس طریقے سے وہاں پر جو کشمیر کا جھنڈا اتنی مدت سے سربلند تھا اس کو سرنگوں کر دیا گیا اس کو اتار دیا گیا۔ کشمیر کی عوام، کشمیر کی غیرت مند مائیں اور کشمیر کی عزت دار بہنیں وہاں کے بہادر اور نڈر جوان اپنی قربانیوں سے دریغ نہیں کر رہے، یہ ایک

indigenous movement ہے۔ یہ وہاں کی movement ہے کہ جب ماں بچے کو جنم دیتی ہے تو یہ movement وہاں سے start ہوتی ہے، یہ وہاں کے خون اور مٹی کی movement ہے، اس کو روکا نہیں جا سکتا۔ تمام باشعور ممالک آج اس کو condemn کر رہے ہیں۔ ہم نے 2016 میں بھی دیکھا کہ 2016 کی گرمی میں ان کو epidemic of dead eyes کے نام سے پکارا کیونکہ وہاں پر بچوں، عورتوں اور جوانوں کی آنکھیں pellet gun کے ذریعے dead ہو چکی تھیں۔ ایک طرف بزدل اور فاشسٹ لیڈر ہے جو بچیوں کی عصمت دری سے بھی دریغ نہیں کر رہا۔ ہم نے پہلے بھی دیکھا لیکن آج جو clips آتے ہیں، جو ہم سنتے ہیں، ان سے لوگوں کے رونگٹے کھڑے ہو جاتے ہیں، آنکھوں میں آنسو آ جاتے ہیں۔ سلام ہے اس قوم کو کہ جس نے ایک تاریخ رقم کر دی ہے کہ اس ظلم کے باوجود بھی وہ کہتے ہیں کہ لے کر رہیں گے آزادی، چھین کے لیں گے آزادی، جیل میں ڈالو آزادی، گولی سے مارو آزادی، قبر پے لکھ دو آزادی، ہم چھین کے لیں گے آزادی۔ یہ وہ قوم ہے کہ جس نے دنیا کو بتا دیا کہ یہ movement کیا ہے۔

جناب چیئرمین! مجھے صرف دو منٹ دے دیں۔ میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ آج پچیس دن ہو گئے ہیں کہ وہاں پر کرفیو نافذ ہے۔ ذرا سوچیئے کہ پچیس دن میں اگر ایک بیمار کو دوائی نہ ملے، گھر میں خوراک نہیں، پانی نہیں ملتا تو اس سے بڑی قیامت کیا آ سکتی ہے۔ ہمیں تو معلوم ہی نہیں ہے کہ گھروں کے اندر کتنے جنازے موجود ہیں، کتنے لوگ مر چکے ہیں کیونکہ وہاں پر جنازے بھی نہیں نکل رہے۔ اس سے بہتر تھا کہ ان کو جیلوں میں ڈال دیتے چونکہ جیلوں میں ان کے پاس جگہ نہیں اس لئے وہاں نہیں رکھا گیا۔ کم از کم جیل میں دو وقت کی روٹی تو ملتی ہے۔

جناب چیئرمین! آپ مجھے بار بار ٹوک رہے ہیں اس لیے میں اپنی بات ختم کرتا ہوں کیونکہ وقت بھی آج کم ہے۔ میں یہاں صرف یہی کہنا چاہتا ہوں کہ ہم یہاں بیٹھ کر ایک دوسرے سے تقریروں میں نمبر لے جائیں گے اور ہم اسی ہال میں بیٹھے رہیں گے یا as parliamentarians ہمارے بھی کچھ فرائض ہیں۔ میں آپ کو تجویز دیتا ہوں کہ آپ چھوٹے چھوٹے groups بنائیں، اس میں جو بھی یہاں کے اچھے مقرر اور جو جاننے والے لوگ ہیں کو leadership دیں کہ وہ مختلف ممالک میں پھیل جائیں اور وہاں جا کر اس آواز کو بلند کریں۔ چاہے وہ Russia, Washington, Geneva, UN Council کی جگہ ہو، جو بھی ممالک ہیں وہاں جائیں اور جا کر بات کریں۔ ہم اگر یہاں بیٹھے رہیں گے اور باتیں کرتے

رہیں گے تو یہیں پر ہم جنگ جیت بھی جائیں اور ہار بھی جائیں گے۔ یہ ہمارا کام نہیں ہے۔ ہمیں چاہیے کہ ہم Line of Control پر جائیں اور وہاں پر جا کر یکجہتی کا مظاہرہ کریں۔ ہم اپنے آپ کو بھی پیش کریں، حکومت سے بھی توقع ہے اور ہونی چاہیے لیکن ہمیں بھی اپنے آپ کو پیش کرنا چاہیے۔ میری حکومت سے appeal ہے کہ باقی جو انہوں نے چیزیں کی ہیں اس کے ساتھ ساتھ air space کو بند کرنے پر ضرور غور کریں اور اس کو بند ہونا چاہیے۔ جو trade پر ban لگایا ہے اس کو جاری رہنا چاہیے۔ اس کے ساتھ ساتھ جو افغانستان میں انڈیا سے مال جاتا ہے، افغانستان trade کے مطابق اس کو بھی بند ہونا چاہیے۔ ہمیں یہاں پر یکجہتی کا مظاہرہ کرنا چاہیے اور ہمیں یہ چاہیے کہ ہم یہاں سے اٹھیں اور اپنا کردار ادا کریں۔ میری یہ آپ سے درخواست ہے کیونکہ پچیس دن گزر چکے ہیں اور ہم باقی conferences کا انتظار کریں گے جو کہ اکتوبر اور ستمبر میں ہونا ہیں تو بہت دیر ہو چکی ہو گی۔ اس دیر کا ہم انتظار نہ کریں اور ابھی کچھ action لیں۔

جناب چیئرمین: ان شاء اللہ Senate of Pakistan جلد اپنے delegations دنیا میں بھیجے گا۔ سینیٹر عبدالرحمٰن ملک صاحب، گزارش ہے کہ وقت کم ہے ورنہ سینیٹر رانا محمود الحسن صاحب بھی مجھے دور سے اشارے کر رہے ہیں۔

سینیٹر عبدالرحمٰن ملک: جناب چیئرمین! میں تقریر نہیں کرتا اگر دو سے تین منٹ آ رہے ہیں۔

جناب چیئرمین: سینیٹر عبدالرحمٰن ملک صاحب please start کریں۔

**Senator Abdul Rehman Malik**

سینیٹر عبدالرحمٰن ملک: شکریہ، جناب چیئرمین! heavy heart کے ساتھ میں یہ کہوں گا کہ آج شاید سینیٹ اور نیشنل اسمبلی بھی ایک given syllabus پر چل رہی ہے۔ ہم تقریریں کر رہے ہیں اور تقریریں کریں گے اور شاید کوئی resolution بھی لے آئیں but I hereby ask you Mr. Chairman, as the custodian of this House ہم نے اس روایت سے ہٹ کر کیوں ایک task force! ایک کمیٹی نہیں بنائی اور یہ بتاتے کہ ہم نے کیا کرنا ہے۔ What should be the further course of action. بات ہر جگہ ہو رہی ہے۔ میڈیا میں ہر جگہ، bulletin پڑھے جا رہے ہیں چاہے، وہ حکومت کی طرف سے ہوں یا اپوزیشن کی طرف سے۔ میری اس وقت تجاویز ہوں گی۔ میں نے بہت سے articles لکھے اور میں ہر forum پر بولا، میں صرف یہ عرض کروں گا کہ Sir, Modi is not a human being, he is an animal.

جناب چیئرمین: سینیٹر عبدالرحمٰن ملک صاحب آپ نے پوری دنیا کو terrorist مودی کے بارے میں آگاہ کیا اور کتابیں لکھیں۔

Senator Abdul Rehman Malik: Thank you sir, he is a chief terrorist duly supported and he commands RSS for *Akhand Bharat*.

جناب جب ہم نے یہ identify کر لیا ہے کہ Prime Minister Modi کا agenda پاکستان اور کشمیر کے خلاف ہے تو اس کے لیے تقریروں کا وقت گزر چکا ہے۔ ہمیں action کی طرف آنا ہے۔ میں صرف تین action propose کرتا ہوں۔ RSS کا اور Prime Minister Modi کا ایک agreement چار points پر sign ہوا تھا۔ جس میں major point جو before election اس agreement کا No. 1 تھا اور جو میری book کا حصہ بھی ہے کہ RSS نے demand کی کہ کشمیر کا status ختم کیا جائے گا لہٰذا اس نے ختم کیا۔ دوسرا بابری مسجد کی جگہ مندر بنایا جائے جو کہ آپ بہت جلدی دیکھیں گے۔ پھر way of life جسے اکھنڈ بھارت کہتے ہیں کہ ہندوستان میں رہنے والا irrespective of his religion اس کا way of life Hindu ہوگا۔ یعنی اگر ایک مسلمان شادی کرتا ہے تو وہ شادی بھی ہندو رواج کے تحت کرے گا۔ سینیٹر مشاہد حسین سید، سینیٹر شیری رحمٰن، سینیٹر میاں رضا ربانی اور باقی دوستوں نے اس بارے میں کہا کہ آج یہ identify ہو گیا ہے اس کو دو حصوں میں divide کر لیں، ایک انڈیا کے وہ عوام جو یہ نہیں چاہتے اور بڑی voices انڈیا سے آئی ہیں اور اسی لیے میں نے چدم بھرم کے arrest پر protest کیا and I am glad that I was able to drag Kashmir in the domestic politics of India and that is working well and we should force that also. میری یہ درخواست ہے کہ فیصلہ کر لیں کہ ہم دو، تین strong points کیسے لے کر جا رہے ہیں جس میں ہم مودی کا سیاسی سر کچل سکیں، وہ سب سے پہلے ہے۔ Take him, drag him as a criminal under the Rome Convention. Sir, he is a war criminal اور میں تھوڑا عرض کر دوں کہ میں نے homework کیا ہوا ہے۔ اگر آپ کہیں تو میں رپورٹ بھی دے دوں گا۔ بہت سی کشمیری حریت پسند organizations ہیں جو حکومت کے ساتھ اور independent بھی جانے کے لیے تیار ہیں کیونکہ Rome Convention کے

تحت اگر کوئی direct affected ہے تو وہ اپنا مسئلہ لے جا سکتا ہے، وہ petition کی صورت میں جا سکتا ہے۔ So, I am happy to inform you that میں نے already petition تیار کر لی ہے اور میں حکومت اور کشمیری لیڈروں کے ساتھ بھی consult کروں گا، میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ میں خود lead کروں گا۔

جناب چیئرمین: بہت اچھی بات سینیٹر عبدالرحمٰن ملک صاحب ماشااللہ اس طرح کام کرتے رہیں۔

سینیٹر عبدالرحمٰن ملک: میں خود اس کو lead کروں گا اور مجھے بہت سی کشمیری associations نے باہر سے contact کیا ہے۔ میں صرف یہ request کروں گا کہ سینیٹ اور پاکستان کی وہ legal fraternity چاہتی ہے کہ عمل ہو، آئیں بڑھیں اور آپ کی جتنی wisdom, expertise ہیں. exercise it for Kashmiris آج کشمیر آپ کو پکار رہا ہے for help اور help ہر sector سے جانی چاہیے۔ میں یہ بتاؤں کہ چھ points جس میں genocide, forced disappearance, rapes, pelleting and even intention to kill اور آپ دیکھیں کہ ہندو لیڈر RSS کے head نے کہا کہ 2035 تک کوئی دوسرا مذہب ہندوستان میں نہیں رہے گا یعنی مسلمان، سکھ، عیسائی سب ختم ہو جائیں گے۔ So this is the intention that they are not only doing the genocide and cleansing in Kashmir but they have the intention to do it in India as well. وہ ایک پورے ملک پر حملہ ہے، وہ ہر minority پر حملہ ہے۔ اس کو ہم لے جا کر ایک affected party کے طور پر پیش ہوں تاکہ مودی کو جب وہاں drag کریں، he will have to explain what he has done تو جناب تھوڑی اس کی عقل کھلے گی، اس کا دماغ ٹھیک ہو گا۔ اس کے لیے ہمیں اس پر عمل کرنا ہو گا۔

جناب چیئرمین: سینیٹر عبدالرحمٰن ملک صاحب وقت بالکل کم۔

سینیٹر عبدالرحمٰن ملک: جناب چیئرمین! میں صرف دو points پر بات کر رہا ہوں کوئی لمبی تقریر نہیں کر رہا۔

جناب چیئرمین: شکریہ، سینیٹر عبدالرحمٰن ملک صاحب۔

سینیٹر عبدالرحمٰن ملک: میرا دوسرا point یہ ہے اس میں کوئی شک نہیں کہ اس وقت تک گیارہ resolutions پیش ہوئیں، approve ہوئیں اور ان پر عمل درآمد کرنا

پاکستان کا rightاور پاکستان exercise نہیں کر سکتا تھا۔ان پر عمل درآمد کرانا UNO کا کام تھا اسی طرح جیسے 9/11 ہوا تھا۔ کشمیر کی آواز ذرا کمزور ہے، اس پر توجہ نہیں دی گئی۔ میں حکومت سے ایک درخواست کروں گا please trust me میں blame game نہیں کر رہا، ایک draft بنائیں جس میں پورے 11 resolutions ہوں اور اس میں point out کریں کہ resolutions میں یہ کہا تھا کہ کشمیر کا status change نہیں ہو سکتا۔

نمبر ایک، چونکہ status change ہوا ہے، اس کو restore back کیا جائے اور demand کی جائے کہ self determination کس date کو announce ہوتی ہے اور date announce کرتے ہی Peace Keeping Mission and UNO Mission کو date کے لیے بھیجا جائے۔ اگر وہ date announce نہ کی گئی تو میرے خیال میں UNO should shut their shop and go home کیونکہ وہ اگر genocide, ethnic cleansing نہیں دیکھ سکتے تو

they have no right to be there. We have no right to be even member because if they are not listening to us, they are not looking for the interest of the oppressed people, what for are they sitting?

نمبر تین، اس وقت charge sheet کی صورت میں International Human Rights کی ایک رپورٹ موجود ہے جس میں ایک proper and well documented charge sheet موجود ہے جس میں genocide, cleansing بھی ہے، اس میں pelleting, rapes and forced appearance کی تفصیل بھی موجود ہے۔اس کو بھی UNO کے 2nd motion میں لایا جائے، اس کو International Court of Justice and Rome Convention کو refer کیا جائے۔ Rome Convention میں 122 countries ہیں، ہم نے ابھی تک اس کو ratify نہیں کیا، میری حکومت سے ایک یہ بھی اپیل ہو گی کہ اگر اس کو ratify کر لیا جائے تو بہت بہتر ہو گا۔ جناب چیئر مین! میں جو کچھ بھی کہہ رہا ہوں، بڑی research کے بعد کہہ رہا ہوں، اگر حکومت کو ضرورت ہے، Law Ministry میرے ساتھ بیٹھ جائے، میں نے petition بنائی ہوئی ہے، اس کو لے کر

چلیں۔For God's sake, let us start it.جناب!آج تیس تاریخ ہو گئی ہے، ہمارا ایک delegation باہر نہیں گیا، ہم کیا دکھانے کی کوشش کر رہے ہیں؟ Are we so نحیف؟ Are we so incompetent as a nation? I think we have to go forward. Sir, I am not emotional وہاں دیکھیے کرفیو لگا ہوا ہے، pregnant عورت ہسپتال نہیں جا سکتی، بیمار کو دوائی نہیں ملتی، خوراک کی کمی ہے اور جیل میں رہنے والوں کو خوراک نہیں مل رہی۔ اس لیے دل تڑپتا ہے، آپ کا اور میرے تمام دوستوں کا بھی تڑپتا ہے۔ آئیں! آگے بڑھیں، ہمت اور strategy کے ساتھ۔

Please devise the strategy if you really want to help the Kashmiris. Thank you.

Mr. Chairman: Thank you Malik Sahib. Leader of the House, move the motion.

سینیٹر سید شبلی فراز (قائد ایوان): بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب چیئرمین! بہت شکریہ۔ اس سے پہلے کہ میں resolution پڑھوں، ایک مختصر سی بات کرنا چاہتا ہوں کہ ہم نے Opposition and Treasury Benches کے تمام colleague Senators کی باتیں سنیں، بدقسمتی سے وقت کی کمی کی وجہ سے کچھ ساتھی بات نہیں کر سکتے لیکن ایک بات طے ہے کہ ایک پورا spectrum ہے جس میں اگر آپ دیکھیں تو بیرسٹر سیف کی تقریر سے لے کر جس میں international law کے مطابق جدوجہد آزادی کے بارے میں ان کے خیالات سے لے کر ہمارے آخرا سپیکر ڈاکٹر رحمٰن ملک، شیری رحمٰن اور ہمارے جتنے دوستوں نے تقاریر کیں، اس میں بات بالکل ظاہر ہے کہ اس اہم ترین issue پر پاکستان کی پارلیمنٹ کا Upper House ایک page پر ہے۔ ہم میں اس پر کوئی اختلاف نہیں ہے۔ اس کی approach میں variation ہو سکتی ہے لیکن بنیادی subject پر سب ایک ہیں۔ میں آپ سے یہ بھی درخواست کروں گا کہ اس اجلاس کی proceeding اور suggestions کی summary بنا کر Prime Minister Sahib and Ministry of Foreign Affairs کو بھیجیں اور ایک کمیٹی بھی بنائیں جو خاص طور پر across the board دونوں اطراف سے جو subject کو جانتے ہیں articulate بھی کر سکتے ہیں اور اسی طرح باہر ملکوں میں بھی ایک ایسی کمیٹی بنائی جائے جو پورے ملک اور حکومت کا ایک ہی narrative ہے، اس کو articulate کریں اور متحرک ہوں۔ ایک چیز I cannot help it Mushahid Hussain Sahib, you are a

great contributor to this House in your speeches or in Foreign Relations Committee میں ایک چیز پر آپ سے differ کروں گا کہ

جناب چیئرمین! اس وقت اس ملک میں کوئی political prisoner نہیں ہے۔

جناب چیئرمین: آپ motion move کریں۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین: Motion move کریں۔

**<u>Motion for dispensation of Rules to pass a resolution</u>**

Senator Syed Shibli Faraz: It is a fact that there are no political prisoners in Pakistan. I move under Rule 260 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012 that the requirements of the Rules 25, 26, 29, 30 and 133 of the said Rules be dispensed with in order to enable the House to pass a resolution on Kashmir.

Mr. Chairman: It has been moved under Rule 260 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012 that the requirements of the Rules 25, 26, 29, 30 and 133 of the said Rules be dispensed with in order to enable the House to pass a resolution on Kashmir.

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: Senator Syed Shibli Faraz, Leader of the House, please move the resolution.

**<u>Resolution on Kashmir condemning illegal accession of occupied Kashmir by India</u>**

Senator Syed Shibli Faraz: The Senate of Pakistan meeting in the special session dedicated to Kashmir strongly condemns the illegal accession of occupied Kashmir by India, led by Narander Modi and the RSS gang he represents with the aim to change

the demography of occupied Jammu and Kashmir as part of their fascist and racist agenda. This annexation is an attempt to undermine the United Nations Charter, International Law and relevant UN Security Council Resolutions which seek the inalienable right of self-determination for the people of occupied Jammu and Kashmir. In pursuance of his fascist and racist agenda which is inspired by Nazi Germany. Since this fascist mindset and practices are similar, the regime of Narander Modi is committing another grave crime against humanity by turning occupied Kashmir into the world's biggest and most brutal concentration camp. With its complete lock down, closing of all communications with thousands of innocent Kashmiris arrested, kidnapped, maimed, martyred or raped. While welcoming the UN Security Council meeting on Kashmir and reaffirmation by the UN Secretary General of commitment to UNSC resolution on Kashmir. We would also like to express appreciation of the positions taken by our friends like China, Turkey and Iran whose parliament has also passed a resolution in support of the Kashmiri people.

The Senate of Pakistan while expressing full solidarity and support to the valiant struggle of the Kashmiri people, resisting repression and military might with their spirit, writ and determination, we urge the Government and all the relevant stakeholders to formulate a coherent national strategy and national stamina to sustain that strategy. We also express our appreciation to all other parliaments, civil societies, intelligencia, media, human rights organizations all over the world who support the just and heroic struggle of the oppressed people of occupied Jammu and Kashmir.

(مداخلت)

جناب چیئرمین: ٹھیک ہے، اس کو amend کر دیں۔

(مداخلت)

سینیٹر شیری رحمٰن: یہ گزارش ہے کہ کرفیو لکھیں۔

جناب چیئرمین: کرفیو لکھ دیں amend کر دیں۔

I now put the amended resolution before the House.

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: The resolution is passed unanimously. The discussion is over. The House stands adjourned to meet again on Monday, the 2nd September 2019, at 3:00 p.m.

----------

*(The House was then adjourned to meet again on Monday, the 2nd September 2019, at 3:00 p.m.)*

----------

Index

Senator Abdul Rehman Malik .................................... 34
Senator Mian Muhammad Ateeq Shaikh............ 2, 4, 5
Senator Mirza Muhammad Afridi ................................ 6
Senator Mushahid Hussain Sayed.......................... 3, 13
Senator Pervaiz Rasheed ............................................ 7
Senator Syed Shibli Faraz...................................... 7, 38
سینیٹر سید شبلی فراز ........................................................ 37
سینیٹر شیری رحمٰن ................................................... 34, 40
سینیٹر عبدالرحمٰن ملک ................................................ 33, 35
سینیٹر محسن عزیز ............................................................ 31
سینیٹر مولانا عبدالغفور حیدری .................................................. 8
سینیٹر میاں رضا ربانی ................................................ 22, 34
سینیٹر نگہت مرزا ............................................................. 18
سینیٹر محمد عثمان خان کاکڑ ............................................ 28, 29